E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
A.B.C CERTIFIED
صوبہ بھر میں تنخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
روزنامہ
شمال
ایبٹ آباد
بیاد
نیاز پاشا جدون
فون نمبر
0992-385577
جلد نمبر 37
سوموار 20 محرم الحرام 1448ھ 06 جولائی 2026ء 22 ہاڑ 2083ب
قیمت 20 روپے
شمارہ نمبر 119

خان پو (ڈپٹی بیورو) طارانڈسٹریل اسٹیٹ میں سرکاری حکام کے ہمراہ کیے جانے والے صنعتی دوروں نے وسیع پیمانے پر تنظیمی ناکامیوں اور نظامی گورننس (بقیہ 30۔صفحہ 3)

حطا انڈسٹریل اسٹیٹ میں متعدد کارخانے بغیر لائسنس چلنے کا انکشاف

خیبر پختونخوا بیوروکریسی میں اکھاڑ پچھاڑ کا فیصلہ

متعدد محکموں کے سیکرٹریز، ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو تبدیل کیا جائے گا' کچھ محکموں کے سیکرٹریز پر تو وزراء اور مشیروں نے بھی اعتراض کر رکھا ہے، عملدرآمد نہ ہونے پر بداعتمادی کی فضاء پیدا ہو چکی ہے

ایبٹ آباد (خرم شہزاد جدون) خیبر پختونخوا کی بیوروکریسی میں بڑے پیمانے پر اکھاڑ پچھاڑ کی بازگشت۔ متعدد سیکرٹریز، کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز تبدیل ہونے کا امکان۔ ذرائع کے مطابق ہزارہ سمیت صوبہ بھر کی بیوروکریسی میں بڑے پیمانے پر اکھاڑ پچھاڑ کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے جس کے تحت متعدد محکموں کے سیکرٹریز، ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو تبدیل کیا جائے گا۔ کچھ محکموں کے سیکرٹریز پر تو وزراء اور مشیروں نے بھی اعتراض کر رکھا ہے کہ یہ سیکرٹریز حکومتی پالیسیوں اور جاری ہدایات پر عملدرآمد نہیں کر رہے جس کی وجہ سے نہ صرف بداعتمادی کی فضاء پیدا ہو چکی ہے بلکہ تحریک انصاف کی صوبائی حکومت پر بھی لوگوں کا عدم اعتماد بڑھتا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں صوبے (بقیہ 29۔صفحہ 3)

بٹگرام، چھپرگرام میں بجلی کا کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہونیوالے لائن مین شیر محمد کا آخری دیدار

بٹگرام بجلی لائن پر کام کرنیوالا اوپٹکا ملازم کرنٹ لگنے سے جاں بحق

چھپرگرام میں شیر محمد ڈیوٹی کے دوران بجلی کی تاروں پر کام کر رہا تھا کہ اچانک کرنٹ لگنے سے موقع پر ہی دم توڑ گیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) بٹگرام کے علاقے چھپرگرام میں بجلی کی لائن پر کام کے دوران کرنٹ لگنے سے لائن مین شیر محمد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو اور متعلقہ ذرائع کے مطابق شیر محمد ڈیوٹی کے دوران بجلی کی تاروں پر کام کر رہے تھے کہ اچانک کرنٹ لگنے سے موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ مرحوم شیر محمد کا تعلق تحصیل الائی کے (بقیہ 8۔صفحہ 3)

نیاز پاشا جدون مرحوم کی خدمات کبھی فراموش نہ ہوں گی

دورہ پڑھنہ کے موقع پر وحیدانجم کے ہمراہ محمد مشتاق قریشی کی لوگوں سے گفتگو

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ہزارہ کے مسائل اجاگر کرنے میں نیاز پاشا جدون مرحوم کی خدمات کبھی فراموش نہ ہوں گی حاجی محمد مشتاق قریشی ریذیڈنٹ ایڈیٹر روزنامہ شمال کراچی نے دورہ پڑھنہ کے موقع پر وحیدانجم خان کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہزارہ (بقیہ 1۔صفحہ 3)

صوبائی حکومتی پالیسی جاری کرپشن بدعنوانی برداشت نہیں، وزیراعلیٰ

کابینہ اراکین، سیکرٹریز کو عوامی خدمت، شفافیت، میرٹ، ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتار عملدرآمد اور مؤثر سروس ڈیلیوری سے متعلق اہم ہدایات جاری

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے نئے مالی سال کے لیے حکومتی پالیسی ترجیحات واضح کرتے ہوئے کابینہ اراکین اور انتظامی سیکرٹریز کو عوامی خدمت، شفافیت، میرٹ، ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتار عملدرآمد اور مؤثر سروس ڈیلیوری سے متعلق اہم ہدایات جاری کی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے واضح کیا ہے کہ نئے مالی سال میں صوبائی حکومت کی تمام پالیسیوں (بقیہ 28۔صفحہ 3)

بٹہ کنڈی جامع مسجد کے آگے تجاوزات کے ڈی اے سے ہٹانے کا مطالبہ

بٹہ کنڈی (سپیشل رپورٹر) مرکزی جامع مسجد قباء بٹہ کنڈی کے عین آگے مین سڑک پر غیر قانونی تعمیرات اور شلٹرز کی تعمیر (بقیہ 14۔صفحہ 3)

ٹی ایم اے حویلیاں کے ٹیوب ویل کا ٹرانسفارمر پانچ روز سے خراب

علاقہ مکین شدید مشکلات کا شکار ہیں، پانی کی بوند بوند کو ترس گئے، توجہ کا مطالبہ

حویلیاں (شمال نیوز) حویلیاں میں شدید گرمی اور ٹی ایم اے حویلیاں کے ٹیوب ویل کا ٹرانسفارمر گزشتہ پانچ روز سے خراب اور پانی کی قلت پر عوامی احتجاج فوری کارروائی کا مطالبہ حویلیاں میں محلہ کمیٹی کے ٹیوب ویل کا ٹرانسفارمر گزشتہ 5 روز (بقیہ 27۔صفحہ 3)

پشاور، سپیکر خیبر پختونخواہ اسمبلی بابر سلیم سواتی کی زیر صدارت کرسچن میرج ایکٹ پر مشاورتی اجلاس ہو رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

شنکیاری کم وولٹیج غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی

شدید گرمی میں کم وولٹیج سے پنکھے جواب دے گئے ہیں جبکہ گھروں/دکانوں کی الیکٹرانک اشیاء جلنے لگ گئی ہے

شنکیاری (بیورو رپورٹ) یونین کونسل شنکیاری میں بجلی کے کم وولٹیج کا بحران خطرناک حد تک شدت اختیار کر گیا ہے۔ شدید گرمی کے باوجود کم وولٹیج کے باعث پنکھے جواب دے گئے ہیں، جبکہ فریج، اے سی، موٹریں اور دیگر قیمتی الیکٹرانک اشیا خراب ہونے کی شکایات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ عوام شدید ذہنی اذیت اور مشکلات کا شکار ہیں۔ شہریوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ (بقیہ 26۔صفحہ 3)

بیروٹ یونین کونسل کو ضلع مری کے ساتھ شامل کیا جائے، مطالبہ

بیروٹ (نمائندہ خصوصی) بیروٹ یونین کونسل کو ضلع مری کے ساتھ شامل کیا جائے یونین کونسل بیروٹ ایک عرصہ (بقیہ 15۔صفحہ 3)

حویلیاں شہر میں گاڑیوں کی داخلہ انٹری فیس بڑھانا ظلم

انٹری فیس 20 روپے سے بڑھا کر 70 روپے کردی گئی، غریب پروری کا احسان کیا جائے، مطالبہ

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں میں ڈرائیور سراپا احتجاج حویلیاں شہر میں گاڑیوں کی داخلہ انٹری فیس 20 روپے سے بڑھا کر 70 روپے کرنا غریب ڈرائیور حضرات کے ساتھ ظلم ہے بی ایم اے حویلیاں نے یہ ٹیکس شہر کے داخلی راستوں پر اپنے لوگ (بقیہ 25۔صفحہ 3)

بٹل میں غیر قانونی درخت کٹائی میں ملوث ملزم گرفتار

جنگلات دشمن عناصر کے خلاف کسی قسم کی رعایت یا نرمی کے قائل نہیں، ذمہ داران

پھلڑہ (نمائندہ شمال) بٹل میں غیر قانونی درخت کٹائی میں ملوث ملزم گرفتار، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے وژن کے مطابق قومی جنگلات کے تحفظ کے لیے بلاامتیاز کارروائیاں جاری۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کے پائیدار جنگلاتی ترقی، قدرتی وسائل کے تحفظ، ماحولیاتی استحکام اور سرسبز خیبر پختونخوا کے وژن کے مطابق صوبائی حکومت جنگلات کے تحفظ کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے۔ اسی وژن کی روشنی میں مشیر برائے وزیراعلیٰ (بقیہ 24۔صفحہ 3)

آن لائن پڑھنے کے لئے وزٹ کریں SHAMAL E Paper
www.dailyshamal.com.pk

بفہ پکھل میں شعلہ جلا کر سوئی گیس فراہمی کا افتتاح

تحصیل میں سوئی گیس پہنچ گئی ہے علاقہ کے لوگ اب گیس میٹرز لگانے کیلئے درخواستیں جمع کرائیں، کیپٹن صفدر

ماںسہرہ (نمائندہ شمال) تحصیل بفہ پکھل میں سوئی گیس فراہمی کے مختلف مقامات پر افتتاحی تقریبات کیپٹن صفدر اعوان نے گیس کا افتتاح کر کے آگ جلا دی۔ بفہ عبدالستار خان کے حجرہ میں نادر خان کی قیادت میں منعقدہ سوئی گیس افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیپٹن محمد صفدر نے کہا کہ گزشتہ الیکشن میں کچھ لوگوں نے افواہ پھلائی کہ کیپٹن صفدر نے بفہ والوں کو گالیاں دی ہے جو کہ (بقیہ 16۔صفحہ 3)

ایبٹ آباد، ایم این اے علی خان جدون و دیگر تحصیل کمپلیکس تناول کے جاری منصوبوں کا افتتاح کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

بار الیکشنز کا فیصلہ 11 جولائی کو ہوگا آج وکلاء ہڑتال کرینگے

11 جولائی کو خیبر پختونخواہ بار کونسل کی جنرل باڈی ہزارہ سمیت صوبہ بھر میں زیر التواء تحصیل، ڈسٹرکٹ اور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشنز کے انتخابات کے حوالے سے متفقہ لائحہ عمل مرتب کیا جائے گا

ایبٹ آباد (نامہ نگار) خیبر پختونخواہ بار کونسل کے جنرل باڈی اجلاس میں وکلاء برادری اور بار ایسوسی ایشنز سے متعلق اہم امور پر تفصیلی غور و خوض کے بعد متعدد اہم فیصلے متفقہ طور پر کئے گئے اجلاس منعقد ہوا جس میں چیئرمین ایگزیکٹو ملک عماد اعظم، وائس چیئرمین اسفندیار خان، ایگزیکٹو ممبر محمد فاروق صابر، سید مشرشاہ، محمد سعید خان کمیٹی کے معزز اراکین سید مشرشاہ محمد سعید خان (بقیہ 9۔صفحہ 3)

- جنرل باڈی نے متفقہ فیصلہ کیا کہ 11 جولائی 2026ء کو خیبر پختونخواہ بار کونسل کا خصوصی

مانسہرہ، کیپٹن (ر) صفدر نے پی پی سی روڈ کا افتتاح کر دیا

تخمینہ ایک کروڑ، افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی کیپٹن محمد صفدر تھے

مانسہرہ (تحصیل رپورٹر) کیپٹن (ر) صفدر نے ایک کروڑ روپے کی لاگت سے پی پی سی روڈ کا افتتاح کر دیا۔ ضلع مانسہرہ کے علاقہ نیتاں داڈوگہ جلو میں پی پی سی روڈ کے (بقیہ 10۔صفحہ 3)

تھانہ نواں شہر پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن

ایبٹ آباد (وقاص باکسر) ضلعی پولیس سربراہ ہارون الرشید کے احکامات (بقیہ 7۔صفحہ 3)

حلقہ پی کے 40 کے ایم پی کی ناانصافیاں، غیر مستحق بھرتی

سکول کے لئے اراضی فراہم کرنے والے امیر معاویہ کو اب تک لولی پاپ سے ہی بہلایا گیا

سانڈے سر (نمائندہ شمال) حلقہ پی کے 40 کے ایم پی اے کی ناانصافیاں، مستحق اور مقامی درخواست گزار کو سراسر نظر انداز کر کے غیر مقامی اور غیر مستحق کو (بقیہ 2۔صفحہ 3)

ایبٹ آباد، ایم پی اے آمنہ سردار کے ہمراہ خیبر پختونخواہ وویمن کمشنر کی چیئرپرسن ڈاکٹر سمیرا انجم و دیگر خواتین کا سمندر کھٹہ گرلز سکول کے دورہ کے بعد گروپ فوٹو۔۔۔۔۔۔۔۔

مانسہرہ کلاس فور بھرتیاں بھی سنگین بے ضابطگیوں کی زد میں آگئیں

میرٹ کو پاؤں تلے روندتے ہوئے فی بھرتی کیلئے سات لاکھ روپے مانگے جا رہے ہیں، متاثرہ امیدواروں کا الزام

مانسہرہ (کورٹس رپورٹر) محکمہ ایجوکیشن میں کلاس فور بھرتیوں میں بھاری ایزی کے چرچے۔ محکمہ ایجوکیشن مانسہرہ میں کلاس فور کی بھرتیوں کے حوالے سے سنگین بے ضابطگیوں کے الزامات سامنے آئے ہیں۔ متاثرہ امیدواروں اور ذرائع کا کہنا ہے کہ 5 سال سے زیر التوا بھرتی کے عمل میں میرٹ کو نظر انداز کر کے پیسے کے عوض تقرریاں کی جا رہی ہیں۔ الزام ہے کہ بھرتی کے لیے فی امیدوار 7 لاکھ (بقیہ 6۔صفحہ 3)

ایبٹ آباد، ایم پی اے آمنہ سردار کے ہمراہ خیبر پختونخواہ وویمن کمشنر کی چیئرپرسن ڈاکٹر سمیرا انجم و دیگر خواتین کا سمندر کھٹہ گرلز سکول کے دورہ کے بعد گروپ فوٹو۔۔۔۔۔۔۔۔

مولانا اللہ وسایا کا آئندہ ماہ اگست میں ضلع مانسہرہ کا دورہ متوقع

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ نامہ نگار) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے معروف مبلغ اور شاہین ختم نبوت مولانا اللہ وسایا کا آئندہ ماہ اگست میں ضلع مانسہرہ کا دورہ متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق مولانا اللہ وسایا اپنے دورہ مانسہرہ (بقیہ 5۔صفحہ 3)

گلیات کے ایک وفد نے ضیغم عباسی کی قبر پر فاتحہ خوانی کی

بیروٹ (نمائندہ شمال) ضیغم عباسی تیری عظمت کو سلام، گلیات سے ایک وفد نے بیروٹ آکر ضیغم عباسی کی قبر پر فاتحہ خوانی کی ضیغم عباسی کچھ عرصہ پہلے جاپان میں وفات پاگئے تھے اور گلیات کے نوجوان (بقیہ 4۔صفحہ 3)

مانسہرہ گردونواح پیشہ ور بھکاریوں کے نرغے میں شہری پریشان

اکثریت بھیکاری بھیک مانگنے کے دوران شہریوں کی تذلیل کرنے لگے، کارروائی کا مطالبہ

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر/ڈسٹرکٹ نامہ نگار) مانسہرہ گردونواح پیشہ ور بھکاریوں کے نرغے میں شہری پریشان، اکثریت بھیکاری بھیک مانگنے کے دوران (بقیہ 3۔صفحہ 3)

مانسہرہ، بفہ پکھل میں سوئی گیس کی فراہمی کا افتتاح کیپٹن (ر) صفدر اعوان، چیئرمین ناصد رخان اور شاہجہان یوسف اہلیان سے خطاب کر رہے ہیں

مانسہرہ، ٹریفک حادثہ میں زخمی شخص ہوا ابتدائی طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔۔۔۔۔۔

جرنلسٹ آفس میں کینسر کے مریضوں سے امجد قدوس کی ملاقات

اس موقع پر عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی مریضوں کے فام کر کے علاج کا وعدہ کیا گیا

جبوڑی (نمائندہ خصوصی) خدمت خلق میٹی کے چیئرمین امجد قدوس خان نے جبوڑی سرن یونین آف جرنلسٹ کے آفس میں کینسر کے مریضوں سے ملاقات اور مریضوں کے فام فل کر کے علاج کا وعدہ کیا اس موقع پر عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور امجد قدوس خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ میں خدمت خلق کا مشن لے کر آیا ہوں اور میں (بقیہ 11۔صفحہ 3)

آزاد کشمیر الیکشن حلقہ LA-6 امیدوار خواجہ دلاور نے انتخابی مہم شروع کر دی

مسلم کانفرنس/لیگی امیدوار کی انتخابی مہم کے آغاز پر کارکنوں نے جوش و خروش کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھرپور شرکت کی

ماںسہرہ (بیورو رپورٹ) آزاد کشمیر الیکشن حلقہ ایل اے 6 وادی کے لیے انتخابی مہم کا بھرپور آغاز، مسلم کانفرنس اور (ن) لیگ کے مشترکہ امیدوار خواجہ دلاور مانی کی حمایت میں سرگرمیاں تیز آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے حلقہ ایل اے 6-وادی کے انتخابات کے سلسلے میں پشاور سٹی میں مسلم لیگ (ن) اور مسلم کانفرنس کے مشترکہ امیدوار خواجہ دلاور مانی کی انتخابی مہم کا بھرپور آغاز کر دیا گیا (بقیہ 18۔صفحہ 3)

حق، سچ اور انصاف کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں، مشتاق احمد

چیئرمین کی مانسہرہ آمد کے موقع پر تنظیم کے ضلعی دفتر کی افتتاحی تقریب سے خطاب

مانسہرہ (شیخ نزیر/محمد نعیم) پاکستان رائٹس موومنٹ کے چیئرمین اور غازی فلسطین سینٹر (ر) کے سربراہ مشتاق احمد نے مانسہرہ آمد کے موقع پر تنظیم کے ضلعی دفتر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ حق، سچ اور انصاف کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں اور ہمیشہ مظلوموں کا ساتھ دیتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ دو مرتبہ اسرائیلی (بقیہ 12۔صفحہ 3)

سمیرا انجم اور ریحانہ اسماعیل کا جی جی ایچ ایس سمندر کٹھہ کا دورہ

اسکول کی پرنسپل نے ادارے میں ہونے والی نمایاں بہتری پر تفصیلی بریفنگ دی

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) رکن صوبائی اسمبلی آمنہ سردار کی دعوت پر خیبر پختونخواہ ویمن کمیشن کی چیئرپرسن ڈاکٹر سمیرا انجم اور کمیشن کی رکن ریحانہ اسماعیل نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سمندر کٹھہ کا دورہ کیا، جہاں اسکول کی پرنسپل نے ادارے میں ہونے والی نمایاں (بقیہ 13۔صفحہ 3)

بازخان کے بیٹوں بھتیجوں پر فائرنگ کرنیوالوں کا سراغ مل گیا

سکندر آباد پولیس نے موٹر کار نمبری 286 کو تحویل میں لیکر حمید علی اور سلطان کی گرفتاری کیلئے چھاپوں کا سلسلہ شروع کر دیا

ایبٹ آباد (نامہ نگار) سابق امیدوار قومی اسمبلی ایاز خان جدون، سابق ممبر کینٹ بورڈ حاجی غلام مصطفیٰ جدون کے بیٹوں اور بھتیجوں، جبکہ سابق ممبر کینٹ بورڈ دانیال خان جدون کے بھائیوں پر فائرنگ کرنے والے ملزمان کا سکندر آباد پولیس نے سراغ لگا لیا ہے۔ ایس ایچ او دلپذیر خان نے فوری کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ میں استعمال ہونے والی موٹر کار نمبر 286 تحویل میں لے لی ہے (بقیہ 23۔صفحہ 3)

ناران میں جیپ کی ٹکر سے لاہور کا سیاح زخمی

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر/ڈسٹرکٹ نامہ نگار) ناران میں جیپ کی ٹکر سے لاہور کا سیاح زخمی، ریسکیو 1122 نے بروقت امداد فراہم کر دی، سیاحتی مقام ناران میں جیپ کی ٹکر سے حمزہ نامی ایک سیاح زخمی (بقیہ 17۔صفحہ 3)

ہمارے دشمن کبھی بھی ہمارے دوست نہیں ہو سکتے، سنجیدہ حلقے

افغانیوں کو پناہ دینے والوں کو یہ احساس تک نہیں ہو رہا کہ افغان ہم پر اٹیک کرتے ہیں

سانڈے سر (نمائندہ شمال) افغانیوں کو پناہ دینے والوں کو یہ احساس تک نہیں ہو رہا کہ یہ ہمارے دشمن ہیں کبھی ہمارے دوست نہیں بن سکتے سنجیدہ حلقے ایک طرف یہ افغانی ہماری فورسز پر اٹیک کرتے ہیں اور معصوم شہریوں کو شہید کرتے ہیں اور دوسری طرف ہمارے ملک میں موجود غدار مفاد پرست ٹولہ ان کو پناہیں دیتا ہے اور ان سے پیار محبت کی پینگیں (بقیہ 22۔صفحہ 3)

ریالہ میں مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کے اعزاز میں ظہرانہ

مرتضی جاوید عباسی اور پارٹی کارکنوں کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا

کالا باغ (نمائندہ شمال) گلیات ایوبیہ وی سی ریالہ میں مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کے اعزاز میں ظہرانہ، ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال۔ مسلم لیگ (ن) ایبٹ آباد کے جنرل سیکرٹری ضیافت عارف ستی کی جانب سے ویلج کونسل ریالہ میں مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کے اعزاز میں ظہرانہ، مرتضی جاوید عباسی اور پارٹی کارکنوں کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا، جس میں (بقیہ 21۔صفحہ 3)

مہاجرین بھائیوں اور عوام کی خدمت عبادت سمجھ کر کرتا ہوں

کشمیری مہاجرین کے مسائل کا حل میری ہمیشہ اولین ترجیحی رہی ہے، عبدالماجد خان

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر/ڈسٹرکٹ نامہ نگار) کشمیری مہاجرین کے مسائل کا حل میری ہمیشہ اولین ترجیحی رہی ہے مہاجرین بھائیوں اور عوام کی خدمت عبادت سمجھ کر کرتا ہوں کشمیری مہاجرین کی بے لوث خدمت سے مجھے کوئی طاقت نہیں روک (بقیہ 20۔صفحہ 3)

جبوڑی بازار میں من مانے ریٹ وصول کئے جا رہے ہیں

جبوڑی (نمائندہ خصوصی) جبوڑی بازار میں من مانے ریٹ وصول کئے (بقیہ 19۔صفحہ 3)

۔۔۔ایبٹ آباد، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر مفتی زبیر صلاح سالانہ کانفرنس کے حوالے سے مشاورتی اجلاس میں خطاب کر رہے ہیں۔۔۔

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

ایڈیٹر خرم شہزاد جدون
فون نمبر 0345-9541220

روزنامہ شمال، ایبٹ آباد، سوات، مظفر آباد، کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے

نیاز پاشا جدون پرنٹر و پبلشر نے پاشا پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر ایبٹ آباد سے شائع کیا

روزنامہ شمال، خیبر پختونخواہ، پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

سروے گیلپ۔ این آر سی۔ آئی سی ایل

ایبٹ آباد ہیڈ آفس
پلاٹ نمبر A-6 سمال انڈسٹریل اسٹیٹ، ایبٹ آباد
فون نمبر 0992-385577
موبائل نمبر 0311-8185558
E-mail:dailyshamal1991@gmail.com
website:shamal.com.pk

سوات
حاجی بابا چوک مینگورہ سوات
0946-711788

مظفر آباد
عقب جی پی او نزد ایوان صدر مظفر آباد
05822-446938

کراچی
امبر میڈیکل سنٹر پلازہ نزد کانڈے والا موٹرز فورتھ فلور ایم اے جناح روڈ کراچی
فون نمبر: 021-2762266-2762241
E-mail:
shamalkarachi@yahoo.com

راولپنڈی / اسلام آباد
ندیم خان جدون
فون نمبر: 0320:0880105

مانسہرہ بیورو
شہزاد جہانگیری
فون نمبر: 0300-8111316

ہری پور بیورو
جاوید عباسی
ایس پی آفس، سرکلر روڈ بالمقابل پائلٹ سکول گیٹ نمبر 2 ہری پور
فون نمبر 0315-5906226

سوموار 20 محرم الحرام 1448ھ 06 جولائی 2026ء 22 ہاڑ 2083ب

حطار انڈسٹری میں محکمہ تحفظ ماحولیات کی کاروائی، چار فیکٹریاں سیل، کیا یہی کافی ہے؟

حطار انڈسٹریل اسٹیٹ خیبر پختونخوا کی سب سے بڑی صنعتی بستیوں میں شمار ہوتی ہے، جہاں درجنوں بڑی اور چھوٹی فیکٹریاں ہزاروں افراد کو روزگار فراہم کرتی ہیں۔ لیکن صنعت کا پہیہ اس وقت تک حقیقی ترقی کی علامت نہیں بن سکتا جب تک وہ ماحول، انسانی صحت اور قانون کے تقاضوں کا احترام نہ کرے۔ حالیہ دنوں محکمہ تحفظ ماحولیات کی جانب سے حطار میں کاروائی کرتے ہوئے چار فیکٹریوں کو ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر سیل کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ مسئلہ محض شکایات تک محدود نہیں بلکہ حقیقت میں ماحول کو نقصان پہنچانے والی سرگرمیاں موجود ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اگر چار فیکٹریاں ماحولیاتی آلودگی کی مرتکب تھیں تو کیا باقی تمام صنعتی یونٹ مکمل طور پر قوانین پر عمل پیرا ہیں؟ اگر نہیں، تو پھر کاروائی صرف چند فیکٹریوں تک کیوں محدود رہی؟ برسوں سے مقامی آبادی فضائی آلودگی، زہریلے دھوئیں، صنعتی فضلے اور آلودہ پانی کی شکایات کرتی آ رہی ہے۔ اگر بروقت اور مسلسل نگرانی ہوتی تو شاید معاملہ فیکٹریاں سیل کرنے تک نہ پہنچتا۔ محکمہ تحفظ ماحولیات کی ذمہ داری صرف چھاپے مارنا یا فیکٹریوں پر تالے لگانا نہیں بلکہ ایک مؤثر نگرانی کا نظام قائم کرنا بھی ہے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ ہر صنعتی یونٹ کے فضلے کے اخراج، دھوئیں اور ویسٹ ٹریٹمنٹ پلانٹس کا باقاعدہ معائنہ کیا جائے اور اس کی رپورٹس عوام کے سامنے لائی جائیں تاکہ شفافیت پر کوئی سوال نہ اٹھے۔ دوسری جانب صنعتکاروں کو بھی یہ سمجھنا ہوگا کہ منافع کمانا ان کا حق ضرور ہے، مگر عوام کی صحت، صاف پانی، زرعی زمینوں اور ماحول کو داؤ پر لگا کر نہیں۔ ماحول دوست ٹیکنالوجی، ویسٹ ٹریٹمنٹ سسٹم اور ماحولیاتی قوانین پر عمل درآمد کوئی اضافی بوجھ نہیں بلکہ ایک ذمہ دار صنعت کی بنیادی شرط ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ یہ کاروائی وقتی نہ رہے بلکہ پورے حطار انڈسٹریل اسٹیٹ کا جامع ماحولیاتی آڈٹ کیا جائے، خلاف ورزی کرنے والے ہر صنعتی یونٹ کے خلاف بلا امتیاز کاروائی ہو اور قانون سب پر یکساں لاگو کیا جائے۔ عوام بھی جاننا چاہتے ہیں کہ سیل کی گئی فیکٹریوں نے کون سے قوانین توڑے، ان سے ماحول کو کتنا نقصان پہنچا، اور آئندہ ایسی خلاف ورزیوں کی روک تھام کے لیے کیا مستقل اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اگر ماحول کا تحفظ صرف نمائشی کاروائیوں تک محدود رہا تو آلودگی کا مسئلہ برقرار رہے گا۔ حقیقی کامیابی اسی وقت ممکن ہے جب قانون کی عملداری مستقل، غیر جانبدار اور بلا امتیاز ہو، تاکہ صنعت بھی چلے، روزگار بھی برقرار رہے اور عوام کو صاف اور محفوظ ماحول بھی میسر آئے۔

مانسہرہ، ڈاکٹر عامر شہزاد ایم ڈی روسٹ ایجوکیشن میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے

کیپٹن کرنل شیر خان شہید (نشانِ حیدر) کا 27واں یومِ شہادت

شہداء کی عظیم قربانیاں قوم کی اجتماعی ذمہ داری اور امانت ہیں، علماء کا بیان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): کارگل جنگ کے ہیرو کیپٹن کرنل شیر خان شہید کا یومِ شہادت عقیدت اور احترام کے ساتھ منایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر کی مساجد میں شہداء کے بلندی درجات، مغفرت اور وطنِ عزیز کی سلامتی و استحکام کے لیے خصوصی دعاؤں کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر علماء کرام نے کہا کہ وطنِ عزیز کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء پوری قوم کا سرمایہ؟ افتخار ہیں، شہداء کی عظیم قربانیاں قوم کی اجتماعی ذمہ داری اور امانت ہیں، جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، شہداء پاکستان کی بے مثال قربانیوں نے وطن کے امن، آزادی اور استحکام کو مضبوط بنیادیں فراہم کیں، باوقار قومیں اپنے شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ عزت و احترام کے ساتھ یاد رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو قومیں اپنے شہداء کی قربانیوں کی قدر کرتی ہیں، وہ عزت، اتحاد اور استحکام کی راہ پر گامزن رہتی ہیں، کیپٹن کرنل شیر خان شہید نے جرات، بہادری اور حب الوطنی کی ایسی مثال قائم کی جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہے، شہداء کی لازوال قربانیاں پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور قومی وقار کی مضبوط علامت ہیں۔

مومنہ اقبال کا ایم پی اے کی عبوری ضمانت میں توسیع پر ردِعمل

عبوری قبل از گرفتاری ضمانت میں ایک بار پھر توسیع کے بعد سوالات اٹھائے

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستانی اداکارہ مومنہ اقبال نے ثاقب چدھڑ اور ان کی اہلیہ کی عبوری قبل از گرفتاری ضمانت میں ایک بار پھر توسیع کے بعد قانونی کارروائی پر سوالات اٹھا دیے۔ لاہور کی سیشن عدالت نے جمعرات کو کیس کی سماعت کے دوران ایم پی اے ثاقب چدھڑ اور ان کی اہلیہ کی عبوری ضمانت میں 13 جولائی تک توسیع کرتے ہوئے دونوں کو تحقیقات میں شامل ہونے کی ہدایت کی، جبکہ استغاثہ سے آئندہ ساعت پر پیش رفت رپورٹ بھی طلب کر لی۔ عدالتی کارروائی کے بعد مومنہ اقبال نے انسٹاگرام سٹوری میں کسی کا نام لیے بغیر لکھا کہ مجھے پہلے لگتا تھا کہ اثر و رسوخ صرف بھوانہ تک محدود ہے، تاہم اب محسوس ہوتا ہے کہ ایک ایم پی اے ہونے کا پورا فائدہ اٹھایا جا رہا ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ میرے نمائندوں کو متعدد بار ہراساں کیا گیا، ان کا تعاقب کیا گیا اور انہیں مختلف طریقوں سے دباؤ کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے یہ سوال بھی اٹھایا کہ کیا عام شہریوں کے مقدمات بھی اسی طرح چلتے ہیں یا صرف بااثر افراد کو بار بار تاریخیں ملتی ہیں۔ یہ معاملہ مئی میں اس وقت سامنے آیا تھا جب مومنہ اقبال نے دعویٰ کیا تھا کہ انہیں ایک رکنِ صوبائی اسمبلی کی جانب سے طویل عرصے سے آن لائن ہراسانی، سائبر بُلنگ اور جان سے مارنے کی دھمکیوں کا سامنا ہے۔ بعد ازاں انہوں نے درخواست میں ثاقب چدھڑ کا نام لیتے ہوئے الزام لگایا کہ انہوں نے شادی کی پیشکش مسترد ہونے پر مجھے اور میرے منگیتر کو دھمکیاں دیں، جبکہ میری بہن کو بھی دھمکی آمیز پیغامات بھیجے گئے۔ اس سے قبل وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے بھی خبردار کیا تھا کہ اس مقدمے میں سیاسی اثر و رسوخ استعمال کرنے یا کسی کو دھمکانے کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی۔

افغان شہریوں کے لیے ویزا پالیسی: کیا کفیل سسٹم قابلِ عمل حل ہے؟

حقائق
افتخار احمد

پاکستان میں مقیم غیر ملکیوں، خصوصا افغان شہریوں کے حوالے سے حکومتی پالیسی ایک بار پھر قومی سطح پر بحث کا موضوع بن چکی ہے۔ حکومت کی جانب سے غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کے خلاف کارروائیوں اور ملک چھوڑنے کی وارننگز کے اعلانات کے باوجود یہ سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ آیا موجودہ حکمت عملی اس مسئلے کا مستقل اور مؤثر حل فراہم کرنے میں کامیاب ہو رہی ہے یا نہیں۔
یہ ایک حقیقت ہے کہ بعض افغان شہری ملک چھوڑنے کے بعد دوبارہ ویزا حاصل کرکے پاکستان واپس آ جاتے ہیں، جس کے باعث حکومتی اقدامات کی افادیت پر سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ عوامی حلقوں کی جانب سے یہ مؤقف سامنے آ رہا ہے کہ اگر ویزا کا اجرا جاری رکھنا ناگزیر ہے، تو اس کے لیے ایک مضبوط اور قابلِ نگرانی نظام وضع کیا جانا چاہیے، تاکہ ملکی قوانین، انتظامی نظم و ضبط اور قومی مفادات کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔
اس تناظر میں سعودی عرب کے کفیل سسٹم کی مثال دی جا رہی ہے، جہاں غیر ملکی افراد کی ذمہ داری ایک مقامی کفیل کے سپرد ہوتی ہے۔ اس نظام کے تحت نہ صرف غیر ملکیوں کی رجسٹریشن اور نگرانی آسان ہو جاتی ہے، بلکہ ان کی قانونی حیثیت اور نقل و حرکت پر بھی مؤثر نظر رکھی جا سکتی ہے۔ اگر پاکستان میں بھی اس نوعیت کے کسی نظام پر غور کیا جائے، تو ممکن ہے کہ انتظامی مسائل میں کمی اور نگرانی کے عمل میں بہتری لائی جا سکے۔
تاہم، اس معاملے کا دوسرا پہلو بھی نہایت اہم ہے۔ کسی بھی نئی پالیسی یا نظام کو نافذ کرتے وقت بین الاقوامی قوانین، انسانی حقوق، علاقائی تعلقات اور معاشی ضروریات کو بھی پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ محض سخت اقدامات یا عارضی پابندیوں سے مسئلے کا مستقل حل ممکن نہیں ہوتا، بلکہ ایک جامع، متوازن اور قابلِ عمل پالیسی ہی دیرپا نتائج دے سکتی ہے۔
حکومت کے لیے ضروری ہے کہ وہ افغان شہریوں سے متعلق اپنی پالیسی کو مزید واضح، شفاف اور مؤثر بنائے۔ ویزا کے اجراء، رجسٹریشن، نگرانی اور قیام کے ضوابط کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے، تاکہ نہ صرف قومی سلامتی کے تقاضے پورے ہوں بلکہ انتظامی نظام بھی بہتر انداز میں کام کر سکے۔
اداریے کی رائے میں، وقت آ گیا ہے کہ افغان شہریوں سے متعلق پالیسی پر ازسرِ نو غور کیا جائے اور ایک ایسا جامع نظام متعارف کرایا جائے جو قانون کی حکمرانی، قومی مفادات، انسانی تقاضوں اور انتظامی ضروریات کے درمیان متوازن ہم آہنگی پیدا کر سکے۔ مستقل حل صرف اسی صورت ممکن ہے جب وقتی اقدامات کے بجائے طویل المدتی اور قابلِ عمل حکمت عملی اختیار کی جائے۔

اقتدار کا سرچشمہ اور معیار (حصہ دوئم)

آوازیں
علی فرمان تلیسروی
Email:Alifarman@yahoo.com

حصہ اول میں پچاس، ساٹھ اور ستر کی دھائیوں اور دور کی بات شروع کی تھی۔ ہمارے کچے گھر سڑکیں اور مواصلات کا نظام ذرائع رویط نہ ہونے کے برابر کاشتکاری اور زراعت کے لیے مشینری نہیں تھی اگر کوئی بڑے شہروں کراچی اور لاہور جاتا تو سب مرد عورتیں اکٹھے ہو کر رخصت کرتے اور ایک لمبے عرصے تک اس سے رابطہ نہ ہوسکتا۔ خط و کتابت کے ذریعے رابطہ ممکن تھا۔ پی ٹی سی ایل شہروں تک محدود اور سی ایل) موبائل یا دیگر وسائل (بالکل نہیں تھے۔ ہر طرف گاؤں کے گاؤں بلکہ شہروں میں بھی کچی رہائشیں مینہ گھنٹہ بھر تو چھتیں کئی گھنٹوں تک ٹپکتی تھیں۔ کاشت کے لیے بیلوں اور جانوروں سے کام لیا جاتا۔ شہرا ور بازار کا رخ لوگ بہت کم کرتے۔ گھروں میں اپنی پیدا کردہ سادہ خوراک، دیسی گھی، لسی، دودھ اور سرسوں کا تیل اور ساگ استعمال ہوتا۔ لوگ سادہ اور محنت کش تھے۔ شادی بیاہ میں زیادہ تر ایک ڈش۔ سفید چاول اور پالک گوشت کا سالن۔ ہر گاؤں میں مستری یا لوہار، نائی، خادم غلے پر رکھے جاتے اور مسجد میں امام ہوتے لیکن جامع مسجد دور دور تک نہیں ہوتی تھی۔ اکثر بزرگ جمع المبارک کی نماز کے لیے شہروں کا رخ کرتے۔ ہر شہر کی طرح مانسہرہ جو کہ اب بہت پھیل چکا 4 لاکھ سے زائد آبادی ہے۔ چھوٹا سا قصبہ، صرف گوشت کی 4 دکانیں اور آٹھ آنے) نصف روپے (کا سیر گوشت، مرغی بارہ آنے سے ایک روپے تک وہ بھی دیسی، فارمی مرغی، کھانے کے تیل اور ڈالڈا استعمال نہیں ہوتا تھا۔ اور نہ ہی میسر تھا۔ اور نہ ہی کیمیکل کا سپرے اور کھادوں کا استعمال، ہر طرف سادگی اور سکون تھا۔ گڑ شکر تین سے چار سیر ایک روپے کی جو اور دیسی لوبیا اور مسور وغیرہ 5 سے 7 سیر ایک روپے کے سفید لوبیا ساڑھے تین سیر ایک روپے کا۔ شہروں میں ہوٹل موٹل بہت کم مجھے یاد ہے۔ مانسہرہ شہر میں ظفر روڈ پر ایک امین ہوٹل تھا وہ دو آنے میں بڑی روٹی اور سالن مفت دیتے تھے۔ ہر چیز خالص لوگ دودھ اور لسی بہت کم فروخت کرتے گھی، مرغ اور انڈے دیسی فروخت ہوتے۔ گھی ساڑھے تین روپے کا سیر، انڈے آٹھ آنے درجن، دیہات میں سبزیاں لوگ اپنی پیدا کرتے ہر قسم کی سبزی مفت مجھے یاد ہے کدون، پیٹھا، توری دیگر سبزیات مفت دی جاتی۔ جہاں تک ٹرانسپورٹ کا تعلق ہے مانسہرہ تا ایبٹ آباد، مظفر آباد، بالاکوٹ دو تین بسیں پرائیویٹ اور جی ٹی ایس پبلک سیکٹر میں ہوتی اور عطر شیشہ تک ایک دو ویگنیں وہ بھی پھگلہ والے شاہ صاحبان چلاتے تھے مانسہرہ سے عطر شیشہ تک کرایہ چار اور چھ آنے ایبٹ آباد کا آٹھ آنے) نصف روپیہ (اور مظفر آباد روزانہ ایک بس جاتی ڈیڑھ روپیہ کرایہ۔ پنڈی 3 روپیہ اور کراچی کے لیے کوئی سڑک اور بسیں نہیں چلتی تھیں صرف ریلوے کے ذریعہ سفر ہوتا۔ ادھر مانسہرہ سے ڈاڈر تک سڑک وہ بھی اکثر کچی اور ڈاڈر سے آگے پیدل راستے۔ الائی اور تھاکوٹ اردگرد رابطہ سڑکیں نہیں تھیں۔ ٹرک اور ویگن اور بس پٹرول پر اور ہینڈل کے ذریعہ انجن سٹارٹ کیا جاتا۔ سڑکوں پر پیدال چلنے والوں کا ہجوم ہوتا۔
بحر حال ہر طرف سادگی خلوص خدا اور رسول سے ڈرنا، گھروں اور مساجد میں قرآن پڑھا اور پڑھایا جاتا۔ ہر طرف سکون، پبلک سیکٹر فعال تھا۔ بچے سکولوں کو پیدل آتے جاتے کوئی فکر نہیں ہوتی تھی اور نہ گم ہونے کا خدشہ۔ آج حیران ہوتا ہوں۔ سکول میں بچے جمع کیےجاتے اور پھر لائنوں میں لگ کر وصول کیے جاتے ہیں۔ پرائیویٹ سیکٹر میں بھاری فیس، بھاری بستے لیکن تعلیم کا مقصد نظر نہیں آتا۔ 1970 کی دھائی میں جب فدوی ملازم ہوا۔ تو کلاس فور کی تنخواہ 50 روپے ماہوار کلاس تھری کے 120 سے ساڑھے تین سو اور کلاس ٹو آفیسرز 450 روپے ماہوار پر بھرتی ہوتے تھے۔ رشوت اور ملاوٹ کی لعنت بالکل نہیں تھی۔ حکمران بھی تعداد میں کم لیکن دفتروں میں کام ہوتے تھے۔ ہر ملازم اور استاد کا ایک معیار تھا۔ ملک ہمیں ضرور ملا لیکن غریب اور عام آدمی کو آزادی نصیب نہیں ہوئی ملک میں کوئی نظام نہیں۔ ہمارے پڑوسی ملک میں کچرے والے وزیر اعلی اور چائے فروخت کرنے والا وزیر اعظم بن جاتا ہے۔ اور ایک سابقہ وزیر اعظم اور آرمی چیف عام لوگوں کی طرح زندگیاں گزارتے ہیں بلکہ برطانیہ جیسے ملک میں وی آئی پی کے لیے 85 سرکاری گاڑیاں ہیں اور ہمارے غریب اور سود خور اور مقروض ملک میں 85 ہزار سرکاری گاڑیاں ہر طرف دھندناتی پھر رہی ہیں۔ اشرافیہ اور مافیا کے لیے مراعات مفت، مفت رہائش، پٹرول، گیس، ڈیزل اور بجلی، تعلیم، علاج سب مفت کرپشن ملاوٹ اور لوٹ کھسوٹ الگ بلکہ ہماری ایک وزیر اعلی نے گیارہ ارب کا لگژری جہاز اور دیگر نمائندوں اور حواریوں کے لیے 70 کروڑ کی گاڑیاں۔ ملک سود پر چل رہا ہے اور ہر طرف سود خوری کا دور دورہ ہے۔ حدیث نبوی فرمایا آپ ؐ نے سات مہلک اور تباہ کن گناہوں سے بچو۔ صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ کون سے ساتھ گناہ ہیں۔ فرمایا شرک، جادو کرنا، ناحق کسی کو قتل کرنا اور سود کھانا، یتیم کا مال کھانا، جہاد میں لشکر اسلام کا ساتھ چھوڑ دینا اور بھولی بھالی بندیوں) عورتوں (پر الزام لگانا ان گناہوں کبیر کو آپ ؐ نے موبقات یعنی آدمی کو اس کی ایمانی روح کو ہلاک، برباد کردینے والے (قرار دیا۔ سود لینے والا دینے والا اور لکھنے والا بھی جہنمی ہیں۔ بلکہ سود لینے کو روح ایمانی کا قاتل قرار دیا۔ دوران سفر معراج آپ ؐ نے ایک گروہ دیکھا کہ ان کے پیٹ گھروں کی طرح ہیں اور ان میں سانپ بھرے ہوئے ہیں۔ تو جبرائیل سے پوچھا یہ کون لوگ ہیں تو بتایا یہ سود خور ہیں۔) مسند احمد، سنن ابن ماجہ (ہم اور ہمارے حکمران اس غریب عوام اور دوسری نظریاتی ریاست کے ساتھ جو کر رہے ہیں ہمارا آدھا بجٹ سود میں جاتا ہے اور ہر پیدا ہونے والا بچہ 3 لاکھ 33 ہزار کا مقروض سود کی وجہ سے۔
فرمایا آپ ؐ نے: سود خوری کے ستر حصے ہیں۔ ان میں سب سے ادنی اور معمولی ایسا ہے جیسے اپنی ماں کے ساتھ منہ کالا کرنا۔) رواہ ابن ماجہ والبیہقی فی شعب الایمان (ایک طرف ہم ہیں دولت کے پجاری بھاگوں بھاگ اقتدار کی کرسیوں پر قابض ہوجاتے ہیں اور دوسری طرف خلفائے راشدین خلیفہ اول حضرت ابو صدیق آپ ؐ کی رحلت کے بعد لوگوں کی خواہش پر مسندِ رسول پر بیٹھ کر حمد و ثنا کے بعد کہتے ہیں۔ اے لوگو۔ خدا کی قسم میں کبھی امارت کا خواہش مند نہ تھا اور نہ ہی میں نے ظاہر یا پوشیدہ اللہ تعالی سے اس کی خواہش کی۔ لوگو۔ مجھے تمہارا امیر بنایا گیا ہے۔ حالانکہ میں تم سے بہتر نہیں ہوں۔ اچھا کام کروں تو میری مدد کرو اور اگر غلطی کروں تو میری اصلاح کرو۔ صحابہ کرام اور خلفائے راشدین کو دولت کی لالچ ہرگز نہیں تھی۔ قرآن کہتا ہے۔ سور العادیات آیت نمبر 6۔ بے شک آدمی اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے۔ سور العادیات آیت نمبر 8۔ اور بے شک وہ مال کی چاہت میں ضرور) کرا (تیز ہے۔ سور التکاثر آیت نمبر 1 مفہوم: تمہیں غافل رکھا مال کی زیادہ طلبی نے۔ مقتدروں سے استدعا ہے یہ ظلم اور دولت کی لالچ چھوڑ دو۔

بڑے کاروباری رہنما پاکستان کو خوشحال معیشت بنا سکتے ہیں

لاہور (نیوز ڈیسک): وفاقی ٹیکس محتسب کے کوآرڈینیٹر سیف الرحمان نے کہا ہے کہ نجی شعبے کے "ٹاپ 1000 کلب" کے بزنس لیڈرز 2060 تک فی کس آمدنی 1,900 ڈالر سے بڑھا کر 5,000 ڈالر تک پہنچانے اور ملکی خوشحالی میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ مشترکہ عزم اور مؤثر قیادت کے ذریعے پاکستان 2060 تک ایک مضبوط، خوشحال اور اپر مڈل انکم معیشت بن سکتا ہے۔

سموگ تدارک مہم؛ ڈرائیورز کا لائسنس معطل کرنے کا فیصلہ

کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیونگ لائسنس کے ساتھ ساتھ روٹ پرمٹ بھی معطل

لاہور: (نیوز ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور سینیئر وزیر مریم اورنگزیب کے حکم پر سموگ تدارک کریک ڈاؤن جاری ہے۔ سی ٹی او لاہور نے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے ڈرائیورز کا ڈرائیونگ لائسنس معطل کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ سید عبدالرحیم شیرازی نے کہا کہ کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیونگ لائسنس کے ساتھ ساتھ روٹ پرمٹ بھی معطل کیے جائیں گیں، انسانی صحت اور عوامی تحفظ کے لیے سخت اقدامات اٹھانا ہوں گے۔ سی ٹی او لاہور کے مطابق بغیر ترپال مٹی، ریٹ والی ٹرالیوں اور ڈمپرز کا شہر لاہور میں داخلہ بند ہے، خلاف ورزی پر پرچہ دیے جا رہے ہیں، مالیاتی سال کے دوران دھواں چھوڑنے والی 01 لاکھ، 14 ہزار 378 گاڑیوں کو چالان ٹکٹس دیے گئے۔ سید عبدالرحیم شیرازی کے مطابق سموگ تدارک مہم کے دوران 01 ہزار 401 مقدمات درج کروائے گئے۔

مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما کیپٹن صفدر اور عارف قلندر اوگی میں اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں۔

پاکستان میں بدامنی۔۔سکون سے تم بھی نہیں رہو گے

جلتے ارمان
☆☆☆☆
عمر خان جوزوی
Jozvi03005237845@gmail.com

لڑائی جھگڑوں سے کچھ نہیں بنتا۔ اس لئے ہم نہ کسی جنگ کے حق میں ہیں اور نہ ہی کسی محاذ آرائی کے خواہاں، جنگوں سے تو قومیں تباہ ہوتی ہیں۔ ہمارا ماننا ہے کہ جیو اور جینے دو پر زندگی گزارنی چاہیئے لیکن ہاں اگر مودی کا کوئی بھائی ماتھے پر بارہ بجا کر ہمارے اس ملک اور قوم کے بارے میں کسی خوش فہمی یا غلط فہمی میں مدہوش رہے تو اسے پھر دس مئی جیسا بھولا سبق یاد کرکے ہوش میں لانا ضروری نہیں بلکہ فرض اور لازم ہو جاتا ہے۔ افغانیوں کے لئے ہمارا رویہ ہمیشہ نرم اور دل کھلا رہا لیکن لگتا ہے ہماری اس شفقت اور محبت کا ان پر الٹا اثر ہوا ہے جس کی وجہ سے افغانی مودی جی کا رنگ پکڑنے لگے ہیں۔ ویسے افغانی مودی کا رنگ پکڑیں یا نیتن یاہو کا ہمیں اس سے کوئی لینا دینا نہیں مگر ایک بات ان کے لئے ضرور ہے کہ افغانی اپنے حال پر اگر رحم نہیں کھاتے تو کم از کم ہمارے حال پر تو کچھ رحم کرلیں۔ ہم انہی بہادروں کی وجہ سے گزشتہ چار دہائیوں سے جنگ، بدامنی، دہشتگردی اور عدم استحکام کے اثرات برداشت کرتے چلے آ رہے ہیں۔ پاکستان سوویت یلغار سے لے کر دہشتگردی کے خلاف عالمی جنگ اور پھر افغانستان میں بدلتی ہوئی سیاسی صورتحال تک ہر مشکل مرحلے میں افغان عوام کے ساتھ رہا۔ نیٹو وار کے دوران بھی پاکستان نے افغان عوام کے لئے اپنے دروازے کھلے رکھے۔ لاکھوں افغان مہاجرین کو چالیس پچاس سال تک پناہ دینا، انہیں تعلیم، علاج اور روزگار کی سہولتیں فراہم کرنا یہ کوئی عام اور معمولی بات نہیں۔ ہجرت کے بعد پاکستان میں افغان مہاجرین کو وہ آزادی ملی جو انہیں کبھی اپنے افغانستان میں بھی نہیں ملی تھی۔ افغانی مانیں یا نہ لیکن عالمی سطح پر اب بھی یہ حقیقت تسلیم کی جاتی ہے کہ پاکستان طویل عرصے تک دنیا کے ان ممالک میں شامل رہا جنہوں نے سب سے زیادہ افغان مہاجرین کی میزبانی کی۔۔ اس کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی برادری کے ساتھ مل کر افغانستان میں امن کی کوششوں کا حصہ بنا بھی پاکستان کی ان خدمات میں شامل ہیں جسے کوئی انسان نظر انداز اور فراموش نہیں کر سکتا۔ پاکستان اور افغانستان محض دو ہمسایہ ممالک نہیں بلکہ تاریخ، ثقافت، مذہب، زبان اور عوامی روابط کے مضبوط رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں۔ دونوں ممالک نے گزشتہ کئی دہائیوں میں جنگ، دہشت گردی، نقل مکانی اور سیاسی عدم استحکام کے ایسے ادوار دیکھے ہیں جنہوں نے نہ صرف ان کی داخلی صورتحال بلکہ پورے خطے کے امن و استحکام کو بھی متاثر کیا ہے۔ پاکستان نے افغانستان میں امن کے قیام کے لئے ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا ہے۔ اس کے باوجود اسی افغانستان کی وجہ سے پاکستان کو وقتاً فوقتاً دہشت گردی کی نئی نئی لہروں کا سامنا کرنا پڑا۔ آج بھی بعض دہشت گرد تنظیمیں افغان سرزمین کو استعمال کرتے ہوئے پاکستان میں حملے کر رہی ہیں۔ یہ عناصر سرحد پار محفوظ ٹھکانے، تربیت اور سہولتیں حاصل کرتے ہیں جس کے باعث پاکستان کے قبائلی اضلاع، خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں سیکیورٹی کے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ پاکستان ہمیشہ اس مؤقف پر قائم رہا ہے کہ ایک پرامن، مستحکم اور خوشحال افغانستان دراصل پاکستان کے اپنے مفاد میں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان نے مختلف ادوار میں نہ صرف افغان دھڑوں کے درمیان مذاکرات کی حمایت کی بلکہ اس سلسلے میں عالمی طاقتوں کے ساتھ بھرپور تعاون بھی کیا اور ہر اس سفارتی کوشش کا حصہ بنا جس کا مقصد افغانستان میں دیرپا امن قائم کرنا تھا لیکن افسوسناک حقیقت یہ ہے کہ ان تمام قربانیوں اور کوششوں کے باوجود آج بھی پاکستان کو سرحد پار دہشت گردی کا سامنا ہے۔ امن تباہ کرنے پر مامور بعض دہشت گرد تنظیمیں افغان سرزمین سے پاکستان میں کارروائیاں کر رہی ہیں۔ کرائے کے ان دہشتگردوں کی جانب سے سرحدی علاقوں میں حملے کئے جا رہے ہیں اور معصوم شہریوں کے ساتھ ساتھ سیکیورٹی اہلکاروں کو بھی نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ یہی وہ عناصر ہیں جنہیں عرف عام میں "خوارج" قرار دیا جاتا ہے کیونکہ ان کے اعمال نہ صرف اسلامی تعلیمات بلکہ انسانی اقدار کے بھی منافی ہیں۔ اسلام کی تعلیمات امن، رواداری اور انسانی جان کے احترام پر زور دیتی ہیں۔ اللہ کا مبارک قرآن ایک بے گناہ انسان کے قتل کو پوری انسانیت کے قتل کے مترادف قرار دیتا ہے۔ اس تناظر میں وہ عناصر جو مساجد، بازاروں، سکولوں اور عوامی مقامات پر خون بہاتے ہیں۔ کسی بھی صورت اسلام یا انسانیت کے نمائندے نہیں ہو سکتے۔ بے گناہ انسانوں کو خون میں نہلا نے اور بارود میں اڑانے والے ان بدبختوں کو اسلامی نمائندہ کہنا تو دور ایسوں کو انسان کہنا بھی انسانیت کی توہین ہے۔ کوئی انسان ایسا کام نہیں کرسکتے جو کام یہ ظالم ماؤں کے گود اجاڑ کر کر رہے ہیں۔ یہ غیروں کے اشاروں پر چلنے والے لوگ ہیں جن کا کوئی دین مذہب نہیں۔ بعض بیرونی طاقتیں خصوصاً بھارت خطے میں اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل اور مفادات کے لئے ایسے شیطانوں کو پاکستان کیخلاف استعمال کر رہے ہیں۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں آئے روز آگ اور بارود کا جو کھیل کھیلا جا رہا ہے وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔ بھارت کی تو شروع سے یہ کوشش ہے کہ پاکستان بدامنی اور دہشتگردی کی وجہ سے کسی طرح کمزور ہو۔ دس مئی کے منہ توڑ سرپرائز کے بعد تو پاکستان کے بارے میں بھارت کے مودیوں اور موذیوں کے عزائم اور خیالات اور بھی خطرناک ہوگئے ہیں۔ اس لئے اسے افغانستان سمیت دنیا کے جس کونے میں بھی پاکستان مخالف کرائے کے ٹٹوملیں گے وہ انہیں پاکستان کے خلاف استعمال کرنے سے ہرگز دریغ نہیں کریں گے۔ یہاں یہ امر بھی قابل غور ہے کہ افغانستان خود کئی دہائیوں سے جنگ اور انتشار کا شکار رہا ہے اس لئے وہاں مضبوط ریاستی اداروں کا قیام اور دہشت گرد گروہوں کے خلاف مؤثر کارروائی نہ صرف پاکستان بلکہ خود افغانستان کے مفاد میں بھی ہے۔ اگر افغان سرزمین کسی بھی ہمسایہ ملک کے خلاف استعمال ہوتی ہے تو اس کے منفی اثرات سب سے پہلے خود افغانستان کو بھگتنا پڑتے ہیں مگر افسوس لاکھ سمجھانے کے باوجود افغان حکمرانوں کو یہ بات سمجھ نہیں آ رہی۔ پاکستان نے بارہا واضح کیا ہے کہ یہ افغانستان سے محاذ آرائی نہیں بلکہ تعاون چاہتا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان مذہبی، ثقافتی اور تاریخی رشتے اتنے مضبوط ہیں کہ انہیں وقتی سیاسی اختلافات کی نذر نہیں ہونا چاہیے۔ دونوں طرف بسنے والے عوام امن، ترقی اور خوشحالی کے خواہاں ہیں نہ کہ نفرت جنگ اور خونریزی کے پر کابل میں بیٹھے حکمرانوں کو یہ حقیقت کون سمجھائے۔ انہیں نہ تو اپنے ملک کی کوئی فکر ہے اور نہ ہی پڑوسیوں کے حقوق کا کچھ خیال اور لحاظ۔ پاکستان کی منت سماجت کے باوجود سرحد پار سے خوارج کا پاکستان کی طرف اخراج بند نہیں ہو رہا۔ امن کے یہ دشمن اب بھی جب اور جہاں چاہیں امن کو آگ لگا رہے ہیں۔ وقت کا تقاضا ہے کہ افغان عبوری حکومت اپنی سرزمین کو ہر قسم کی دہشت گرد سرگرمیوں سے پاک بنانے کے لئے عملی اقدامات کرے اور یہ یقین دہانی کرائے کہ افغانستان کسی بھی ملک خصوصاً پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہوگا۔ افغانیوں کو ایک بات جان لینی چاہیئے کہ افغانستان کا امن، ترقی اور خوشحالی پاکستان سے جڑی ہوئی ہے، ان کی وجہ سے اگر ہمیں سکون نہیں ملے گا تو پھر سکون سے یہ بھی نہیں رہیں گے۔

اصحابِ فیل



بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

قبیلہ قریش کے سردار عبدالمطلب اپنی بے مثال میزبانی اور فہم و فراست کی وجہ سے اپنی قوم کی آنکھوں کے تارے تھے آپ عظیم باپ کے بیٹے تھے اللہ تعالی نے آپ کو دس خوبصورت صحت مند کڑیل جوان بیٹے عطا کئے تھے۔ ایک دن آپ کعبہ میں حطیم میں تشریف فرما تھے آپ کے دس بیٹے شیروں کی طرح آپ کے گرد حلقہ بنائے بیٹھے تھے کہ ایک اعرابی وہاں سے گزرا اور یہ خوش گوار منظر دیکھ کر بے ساختہ بولا۔ اللہ تعالی جب کوئی مملکت بنانا پسند کرتا ہو تو اس کے قیام کے لیے اس قسم کے جوانمرد پیدا فرما دیا کرتا ہے۔ اور پھر عبدالمطلب کی زندگی میں عظیم واقعہ پیش آیا جب ابراہہ نے خانہ کعبہ پر لشکر کشی کی۔ ابراہہ نے پہلے خوبصورت عظیم الشان گرجا تعمیر کیا گرجے کو ہیرے جواہرات سے مرصع کیا کہ دیکھنے والے کی آنکھیں خیرہ ہو جاتیں لیکن بیت اللہ کے شیدائیوں نے گرجے کو ایک نظر بھی اٹھا کر نہ دیکھا۔ ابراہہ کی خواہش تھی کہ اب لوگ خانہ کعبہ کی بجائے اس کے بنائے ہوئے گرجے کی پوجا کریں اب اس نے کعبہ کی زیارت کو آنے والے قافلوں کو روکنا شروع کر دیا۔ لیکن اس کی کوئی بھی کوشش کامیاب نہ ہوئی تو نفرت کی آگ میں جل کہا کہ اب میں خانہ کعبہ کو پیوند خاک کردوں گا (نعوذ باللہ) خانہ کعبہ کو گرا دوں گا۔ یہ خبر پورے عرب میں آگ کی طرح پھیل گئی اور پھر ابراہہ) حبشی (والی یمن ایک کوہ پیکر ہاتھی پر سوار ہو کر اپنے ساتھ ہاتھیوں کا لشکر لے کر مکہ مکرمہ پر چڑھائی کے لیے نکلا۔ ابراہہ اپنے لشکر کے ساتھ طائف پہنچا یہاں کے باشندوں نے اس کی اطاعت کی اب ابراہہ وادی مکہ میں آ کر ٹھہر گیا اور اپنے سواروں کا ایک دستہ اہل مکہ کی طرف بھیجا تا کہ وہ اہل مکہ کو خوفزدہ کر سکے اس دستے نے خوب لوٹ مار کی لوگوں میں خوف و ہراس پھیلایا۔ لوگوں کا بہت سارا مال اور جانور لوٹ کر لے گئے۔ ان میں عبدالمطلب کے سو اونٹ بھی شامل تھے۔ پھر ابراہہ کا سپاہی حناط صمیری عبدالمطلب کے پاس گیا اور آپ کو لے کر ابراہہ کے پاس حاضر ہوا ابراہہ نے جب آپ کو دیکھا تو آپ کی بہت تعظیم کی تخت سے نیچے اتر کر قالین پر بیٹھ گیا اور عبدالمطلب کو بھی اپنے پہلو میں بیٹھا لیا اور پوچھا کیا کام ہے تو عبدالمطلب بولے آپ کے سپاہی میرے اونٹ لے آئے ہیں میں انہیں واپس لینے آیا ہوں تو ابراہہ بہت زیادہ حیران ہوا کہ تمہیں اپنے اونٹوں کی پرواہ ہے لیکن تمہیں خانہ کعبہ کا احساس نہیں ہے جس کو میں گرانے آیا ہوں جو تمہاری اور تمہارے آبا اجداد کی عبادت گاہ ہے تمہیں اس کی کوئی پریشانی نہیں ہے تو فہم و فراست کے مالک جناب عبدالمطلب نے کہا میں اپنے اونٹوں کا مالک ہوں اور میں انہیں ہی لینے آیا ہوں اور جس گھر کو تم گرانے آئے ہو اس کا بھی ایک مالک ہے اور وہ خود اس کی حفاظت کرے گا تو حبشی ابراہہ غرور سے بولا اب میرے شر سے کوئی بھی کعبہ کو نہیں بچا سکتا میں کعبے کی اینٹ سے اینٹ بجا دوں گا تو عبدالمطلب بولے تو جان اور کعبے کا مالک جانے۔ اس کے بعد عبدالمطلب واپس مکہ گئے اور قریش کو سارے حالات سے آگاہ کیا اور بتایا کہ ابراہہ کے پاس ہزاروں کا لشکر ہے، جس کا ہم مقابلہ نہیں کر سکتے لہذا اب بہتر یہی ہے کہ آپ تمام لوگ مکہ سے نکل جائیں پہاڑوں غاروں اور بلند جگہوں پر چلے جائیں تا کہ اس کے عذاب سے محفوظ رہ سکیں۔ اور پھر اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ خانہ کعبہ آئے اور غلاف کعبہ پکڑ کر مالک دو جہاں خالق ارض و سما سے دعا کرنے لگے ابراہہ اور اس کے لشکر پر فتح کی دعا کرنے لگے۔ اے اللہ بندہ بھی اپنے کجاوے کی حفاظت کرتا ہے تو بھی اپنے گھر کی حفاظت فرما ایسا نہ ہو کہ ان کی صلیب کل تیرے گھر پر غالب آ جائے اور نصب کر دی جائے اور اگر تو ان کو اور ہمارے قبیلہ کو آزاد چھوڑنے والا ہے تو جس طرح تیری مرضی ہو تو اس طرح کر، اور پھر علامہ علی قاری کے بقول جب قریش حرم سے نکل گئے اور اصحابِ فیل نے حملہ کیا تو حضرت عبدالمطلب نے کہا بخدا اللہ کے حرم سے ہرگز نہیں نکلوں گا تا کہ اس کے علاوہ کسی اور کے پاس عزت تلاش کروں میں تو اللہ تعالی کے بدلے میں اور کسی چیز کا متمنی نہیں ہوں اور جب ابراہہ فوج اور ہاتھیوں کو روانہ کرنے کا حکم دیا تو جب ہاتھی کا منہ مکہ کی طرف کرتے تو وہ بیٹھ جاتا اور جب اس کا منہ کسی اور جانب کرتے تو وہ تیزی سے بھاگنا شروع کر دیتا جب مکہ کی طرف منہ کرتے وہ بیٹھ جاتا ہاتھی کو بہت مارا گیا وہ زخمی ہو گیا لیکن اس نے مکہ کی طرف بڑھنے سے انکار کر دیا۔ اسی دوران سمندر کی طرف سے اللہ تعالی نے ابابیلوں کے غول کے غول بھیجے جن کے منہ میں کنکریاں تھیں ایک منہ میں اور دو کنکریاں پنجوں میں ابراہہ کے لشکر پر آ کر کنکریوں کی بارش شروع کر دی کنکری کا سائز چنے اور مسور کے دانوں برابر تھا جس کے سر پر پڑتی اس کے فولادی خول کو چیرتی ہوئی اس کے جسم سے پار ہو جاتی لشکر میں بھگدڑ مچ گئی ان کو واپسی کا راستہ نہیں مل رہا تھا خدا کا ہولناک عذاب جاری تھا ابراہہ کے ہاتھی اور لشکری برباد ہوئے ابراہہ واپسی کی طرف بھاگا اس کی حالت بہت خراب تھی خطرناک بیماری کا شکار ہوا اس کا جسم گلنے لگا جسم میں پیپ پڑھ گئی جس سے غضب کی بو آتی آخر میں اس کا جسم پرندے کے چوزے جیسا ہو گیا آخر میں سینہ پھٹا دل نکلا اور وہ بھی پھٹ گیا وہ اس طرح وہ اذیت ناک موت کا شکار ہوا۔ یہ واقعہ سرتاج الانبیا نبی کریم ﷺ کی پیدائش سے پچاس یا پچپن دن پہلے ماہ محرم میں پیش آیا اس واقعے کی وجہ سے دنیا کی نگاہیں خانہ کعبہ کی طرف متوجہ ہوگئیں اقوام عالم کو شدت سے اندازہ ہو گیا یا قدرت کی طرف سے واضح پیغام دیا گیا کہ قیامت تک کے لیے اللہ تعالی نے اس گھر کو عزت و احترام کے لیے چن لیا ہے لہذا آئندہ اس شہر سے کسی انسان کا دعوی نبوت اللہ کی مرضی کے عین مطابق ہوگا۔ قصہ اصحاب فیل میں ایک یہ بھی اشارہ تھا کہ اگر ابراہہ کا لشکر غالب آ جاتا تو سرور کائنات ﷺ کی قوم کو قید کر لیا جاتا اور وہ غلام بنا لیے جاتے اور سرتاج الانبیا ﷺ پر حمل و طفولیت کی حالت میں غلامی کا دھبہ لگ جاتا اللہ تعالی نے کعبہ شریف کی عظمت اور حرمت کو قائم رکھا اور یہ واقعہ دو جہاں ﷺ کی نبوت کا پیش خیمہ تھا کیونکہ آپ ﷺ کے دین میں اسی کعبہ کی تعظیم حج اور نماز کا حکم ہوا۔ ابراہہ اور اس کے لشکر کی تباہی اقوام عالم کے لیے واضح اشارہ تھا کہ صدیوں کے انتظار کے بعد اب سسکتی تڑپتی انسانیت جو ظلم و جبر اور جہالت کے سمندر میں غرق تھی اس کا مسیحا اب اس شہر سے طلوع ہوگا جو قیامت تک آنے والے مجبوروں بے بسوں کا والی ہوگا بے آسروں کا آسمان ہوگا نسل انسانی کے سب سے بڑے انسان نبیوں کے سردار اور خدا کے محبوب وجہ تخلیق کائنات کا ظہور اب اسی شہر سے ہوگا اور پھر یہ شہر قیامت تک اربوں انسانوں کی عبادت گاہ ہوگا۔

ٹینڈر نوٹس

سربمہر ٹینڈر برائے ڈھلائی لوڈنگ ان لوڈنگ چکہ بندی از روڈ سائیڈ ڈپو راشنگ تا ٹمبر مارکیٹ گوہر آباد حویلیاں مطلوب ہے۔ جو کہ مورخہ 16 جولائی 2026 کو بوقت 11 بجے دن دفتر DFO ہزارہ ٹرائبل فارسٹ ڈویژن بٹگرام پہنچ جانی چاہیئے۔ جو کہ اسی روز DFO صاحب ہزارہ ٹرائبل اور چیئرمین JFMC مانکی کمپارٹمنٹ نمبر 1 موضع گنگوال اور ٹینڈر دہندگان کی موجودگی میں کھولے جائینگے۔ نیز تمام اخراجات JFMC بذریعہ ٹھیکیدار برداشت کرے گی۔ نرخ فی مکسر فٹ قسم بیاڑ، فرپروس برآمد شدہ لکڑی کے حساب سے دینا ہوگا۔ اور مروجہ ٹیکس ہائے نافذ العمل ہونگے۔ کال ڈپازٹ بنام چیئرمین JFMC مانکی کمپارٹمنٹ نمبر 1 موضع گنگوال کے نام دینے ہوگی مقررہ تاریخ کو کسی وجہ سے ٹینڈر نہ کھولنے کی صورت میں ٹینڈر اگلے روز کو کھولا جائیگا۔

نمبر شمار	نام جنگل کمپارٹمنٹ نمبر	تعداد نگ	مکسر فٹ/قسم	زرضمانت
1	مانکی کمپارٹمنٹ نمبر 1 موضع گنگوال	1664 621	14649 فرپروس 3762 کائیل	30000/- روپے

چیئرمین JFMC مانکی کمپارٹمنٹ نمبر 1 موضع گنگوال الائی بٹگرام

ٹینڈر نوٹس

سربمہر ٹینڈر برائے ڈھلائی لوڈنگ ان لوڈنگ چکہ بندی از روڈ سائیڈ ڈپو راشنگ تا ٹمبر مارکیٹ گوہر آباد حویلیاں مطلوب ہے۔ جو کہ مورخہ 16 جولائی 2026 کو بوقت 11 بجے دن دفتر DFO ہزارہ ٹرائبل فارسٹ ڈویژن بٹگرام پہنچ جانی چاہیئے۔ جو کہ اسی روز DFO صاحب ہزارہ ٹرائبل اور چیئرمین JFMC مانکی کمپارٹمنٹ نمبر 2 موضع گنگوال اور ٹینڈر دہندگان کی موجودگی میں کھولے جائینگے۔ نیز تمام اخراجات JFMC بذریعہ ٹھیکیدار برداشت کرے گی۔ نرخ فی مکسر فٹ قسم بیاڑ، فرپروس برآمد شدہ لکڑی کے حساب سے دینا ہوگا۔ اور مروجہ ٹیکس ہائے نافذ العمل ہونگے۔ کال ڈپازٹ بنام چیئرمین JFMC مانکی کمپارٹمنٹ نمبر 2 موضع گنگوال کے نام دینے ہوگی مقررہ تاریخ کو کسی وجہ سے ٹینڈر نہ کھولنے کی صورت میں ٹینڈر اگلے روز کو کھولا جائیگا۔

نمبر شمار	نام جنگل کمپارٹمنٹ نمبر	تعداد نگ	مکسر فٹ/قسم	زرضمانت
1	مانکی کمپارٹمنٹ نمبر 2 موضع گنگوال	571 204	4958 فرپروس 1450 کائیل	20000/- روپے

چیئرمین JFMC مانکی کمپارٹمنٹ نمبر 1 موضع گنگوال الائی بٹگرام

بعدالت جناب ارم عائشہ سینئر سول / گارڈین جج ہری پور
عنوان۔۔۔ پیر خان بنام عوام الناس، پیشی 13.7.26، مقدمہ نمبر 106/2، سال 2026، درخواست گارڈین،
پیر خان ولد احمد نور ساکن مکان نمبر 12 محلہ انورہ کھلا بٹ ٹاؤن شپ ضلع ہری پور
درخواست گارڈ محمد طیب محمد احسن ربیعہ رحمان شفاء دختران اسلام ساکنان کھلا بٹ ٹاؤن شپ ضلع ہری پور
نوٹس بنام، عوام الناس
مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی اطلاع یابی عام طریقہ سے ہونی مشکل قرار پائی ہے لہذا اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 13.7.26 کو پیش عدالت ہو بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط حاکم/مہر عدالت

بعدالت جناب آصف علی صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج ہری پور
عنوان، نبیل نزر بنام عبدالتسلیم، پیشی 13.7.26
نوٹس بنام، عبدالسلیم ولد روشن دین قریشی ساکن سرائے صالح ضلع ہری پور
مقدمہ عنوان بالا میں ریسپانڈنٹ کی اطلاع یابی عام طریقہ سے ہونی مشکل قرار پائی ہے لہذا اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 13.7.26 کو پیش عدالت ہو بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط حاکم/مہر عدالت

اطلاع عام

مسمی خلیل الرحمٰن ولد فضل الرحمٰن سکنہ بفہ فوت ہو چکے ہیں۔ جن کے شرعی وارثان میں مسماۃ ہاجرہ بی بی بیوہ، آصف الرحمٰن، یوسف الرحمٰن، اسد الرحمٰن، پسران و مسماتان سنیہ عبدالوہاب، سونیا رحمٰن، فائزہ، روبی جہانگیر دختران خلیل الرحمٰن ہیں علاوہ ازیں کوئی دیگر شرعی وارث نہ ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو دفتر پٹوار موضع بفہ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
المشتہر: اسد الرحمٰن پسر متوفی سکنہ محلہ لغمانی بالا بفہ مانسہرہ

تلاش گمشدہ

بٹل سے راولپنڈی جاتے ہوئے میرا قومی شناختی کارڈ گم ہو گیا ہے اگر کسی نے غیر قانونی استعمال کیا تو میری ذمہ داری نہیں ہوگی۔
عبید صابر ولد محمد صابر گاؤں ملکاں بٹل تحصیل و ضلع مانسہرہ

بقیہ 1

کے مسائل اجاگر کرنے میں نیاز پاشاجدون کی خدمات کبھی فراموش نہ ہوں گی وہ خود تو چلے گئے مگران کی قربانیاں اور ہزارہ ڈویژن کی سرزمین سے وفاداری آج بھی زندہ ہے ضلع تناول کے حوالہ سے میٹنگ میں انہوں نے کہا کہ ہزارہ ڈویژن کی عوام کے مسائل جسے اجاگر کرنا نیاز پاشاجدون مرحوم نے شروع کیے تھے آج ہمیں خوشی ہے کہ ان کے فرزند سراج الثقلین نے اپنے باپ کے مشن پر کام کرتے ہوئے صوبہ ہزارہ اور ضلع تناول کو احسن طریقہ سے اجاگر کررہے ہیں

بقیہ 2

بھرتی کا پروانہ جاری کردیا اور سکول کے لئے دو کنال اراضی فراہم کرنے والے امیر معاویہ کو اب تک صرف لولی پاپ سے بہلایا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز منڈہ کچھ کلس کے رہائشیوں پر مشتمل ایک وفد حاجی محمد زمان آف کلس کی قیادت میں روزنامہ شمال سے ایک خصوصی ملاقات کے دوران بتایا کہ ہمارے گاؤں کلس منڈا کچھہ میں گاؤں والوں نے اپنے چھوٹے بچوں کے لئے پرائمری سکول کا قیام عمل میں لایا تھا جس میں ٹیچر تو سرکاری تھے لیکن بلڈنگ نہیں تھی لیکن گاؤں والوں نے مختلف جگہوں پر خیمے لگا کر بچوں کی تعلیم کو جاری رکھا اور اس کے بعد اپنی مدد آپ کے تحت ایک مکان پر چادریں ڈال کر سکول کو جاری و ساری رکھا وفد نے بتایا کہ 2005 کے زلزلہ میں وہ مکان گر گیا اور این جی اوز نے خیمے دیئے اور سلسلہ چلتا رہا 2006 میں گاؤں والوں کی مشاورت سے محمد درویش نامی شخص نے اپنے بیٹے محمد نواز کی دو کنال اراضی سکول کے لئے وقف کردی تھی اس شرط پر کہ میرے بیٹے نواز کو اسی سکول میں کلاس فور بھرتی کیا جائے گا وفد نے بتایا کہ عرصہ بیس سال گزرنے کے باوجود نواز کو بھرتی نہیں کیا گیا اور اسی دوران نواز کی آنکھوں کی بینائی چلی گئی اور انہوں نے اسی آسامی کے لئے اپنے بیٹے امیر معاویہ کا نام محکمہ ایجوکیشن کو پیش کیا اراضی مالک محمد نواز نے بتایا کہ مجھے دکھ اس وقت ہوا جب ایم پی اے حلقہ پی کے 40 نے میرے بیٹے امیر معاویہ کو نظرانداز کرتے ہوئے غیر مقامی اور غیر مستحق شخص کو کلاس فور بھرتی کرلیا اس خبر پر پورے گاؤں کے عوام میں شدید غم وغصہ پایا جارہا ہے اور اگر مذکورہ آرڈر کینسل کرکے امیر معاویہ کے آرڈر نہ کئے گئے تو ہم لوگ شدید احتجاج کریں گے

بقیہ 3

شہریوں کی تذلیل کرنے لگے، اعلیٰ حکام سے کاروائی کا مطالبہ، مانسہرہ شہر اور گردونواح میں پیشہ ور بھکاریوں کی تعداد دن بدن بڑھنے لگی ہے جس کے باعث شہری شدید پریشانی اور ذہنی اذیت کا شکار ہیں۔ شہریوں کے مطابق بھکاری نہ صرف بازاروں، چوکوں اور عوامی مقامات پر موجود رہتے ہیں بلکہ اب انہوں نے گلی محلوں اور رہائشی علاقوں کا بھی رخ کرلیا ہے۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ متعدد پیشہ ور بھکاری گھروں کے دروازوں پر جاکر زبردستی بھیک طلب کرتے ہیں اور بھیک نہ دینے کی صورت میں بددعائیں دیتے ہیں جس سے خواتین، بچوں اور بزرگوں میں خوف وہراس پایا جاتا ہے۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ پیشہ ور گداگروں کے خلاف مؤثر کارروائی نہ ہونے کے باعث ان کی تعداد روز بروز بڑھ رہی ہے جبکہ بعض افراد مختلف حیلوں بہانوں سے لوگوں کی ہمدردیاں حاصل کرکے رقم بٹورنے میں مصروف ہیں۔ عوامی و سماجی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور شہر میں منظم بھیک مانگنے کے رجحان کا خاتمہ کیا جائے تاکہ شہریوں کو اس پریشانی سے نجات مل سکے۔

بقیہ 4

ظہور احمد کی ناگہانی موت پر ان کی میت اپنے اخراجات سے پاکستان بھیجی تھی لیکن صغیم عباسی کی اپنی وفات بھی کچھ عرصہ بعد جاپان میں ہوئی ان کی میت بھی پاکستان لائی گئی تھی عوامی وسماجی حلقے آج بھی صغیم عباسی کی ناگہانی موت اور علاقائی کاموں میں ہمیشہ بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے صغیم عباسی جاپان میں کشمیر کمیٹی کے جنرل سیکرٹری بھی فرائض سرانجام دیتے تھے اور بیرسٹر سلطان محمود چوہدری دورہ جاپان میں صغیم عباسی کی رہائش گاہ استعمال کرتے تھے کلمات کے وفد نے بیروٹ پہنچ پر صغیم عباسی کے والد محمد ظفیر عباسی جرنلسٹ سے اظہار تعزیت بھی کیا

بقیہ 5

کے دوران مختلف ختم نبوت کانفرنسوں سے خطاب کریں گے۔ اطلاعات کے مطابق مانسہرہ شہر، داتا اور دیگراں میں ختم نبوت کانفرنسوں کے انعقاد کی تیاریاں جاری ہیں، جہاں مولانا اللہ وسایا عقیدہ ختم نبوت، اتحاد امت اور اسلامی تعلیمات کے مختلف پہلوں پر خطاب کریں گے۔ منتظمین کے مطابق کانفرنسوں میں ضلع بھر سے علما کرام، مشائخ عظام، طلبہ، مذہبی وسماجی شخصیات اور عوام کی بڑی تعداد کی شرکت متوقع ہے۔ کانفرنسوں کی حتمی تاریخوں، مقامات اور دیگر انتظامات کا باقاعدہ اعلان جلد کیا جائے گا۔

بقیہ 6

روپے تک کا مطالبہ کیا جارہا ہے۔ امیدواروں کا کہنا ہے کہ جولوگ سالوں سے اپنی باری کے منتظر تھے ان کی جمع شدہ فیس اور محنت دونوں ضائع ہورہی ہے، جبکہ نئے امیدواروں اور سفارشی افراد کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ اس صورتحال نے اس وقت مزید شکوک پیدا کیے جب ای ڈی او ایجوکیشن مانسہرہ مبینہ طور پر عمرہ کی ادائیگی کے لیے دفتر سے غیر حاضر ہو گئے۔ امیدواروں کا کہنا ہے کہ افسر کی غیر موجودگی میں بھرتی کا عمل خفیہ طریقے سے آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ متاثرین نے حکومت اور محکمہ تعلیم کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بھرتی کے عمل کو فوری طور پر روکا جائے اور ایک شفاف انکوائری کمیٹی تشکیل دی جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر انصاف نہ ملا تو وہ احتجاج اور عدالت کا راستہ اختیار کریں گے۔ اس حوالے سے محکمہ ایجوکیشن مانسہرہ کے کسی ذمہ دار سے رابطہ نہیں ہوسکا اور نہ ہی کوئی باضابطہ موقف سامنے آیا ہے۔ قانونی ماہرین کا کہنا ہے کہ ایسے معاملات میں اینٹی کرپشن، سیکرٹری ایجوکیشن KP اور ڈپٹی کمشنر تحقیقات کر سکتے ہیں۔ ثبوت کی صورت میں متاثرین عدالت سے بھی رجوع کر سکتے ہیں۔ عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس معاملے کا نوٹس لیں تاکہ میرٹ کی پامالی روکی جاسکے اور نوجوانوں کا اعتماد بحال ہو۔

بقیہ 7

ایس پی کینٹ ڈویژن ڈی ایس پی سرکل میرپور کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ نواں شہر کیڈٹ قمر شہزاد کا منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن دوران گشت مشہور شراب فروش بلال ولد زرین قوم کڑلال سکنہ بلال ٹاؤن نواں شہر سے 2 گیلن شراب 25/25 لیٹر برآمد کر کے ملزم کو مقدمہ ہذا میں گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا۔

بقیہ 8

علاقے بٹیلہ سے تھا۔ ضروری کارروائی کے بعد ان کی میت آبائی علاقے روانہ کردی گئی، جہاں نماز جنازہ اور تدفین کی جائے گی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی اہل خانہ، عزیز واقارب اور علاقے میں غم کی لہر دوڑ گئی۔ مقامی افراد نے مرحوم کی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

بقیہ 9

۔ شاہد محبوب' اکرام حسین اور صوفیہ نورین ایڈووکیٹ' وقاص رضا خان ایڈووکیٹ اور فضل واحد خان ممبران خیبر پختونخواہ بار کونسل خصوصی شرکت کریں گے ۔ اجلاس کا بنیادی ایجنڈا خیبر پختونخواہ بھر میں زیر التواء تحصیل' ڈسٹرکٹ اور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشنز کے انتخابات کے حوالے سے متفقہ لائحہ عمل مرتب کرنا ہوگا اجلاس میں الیکشن شیڈول کے اجراء' طریقہ کار اور انتخابات کے انعقاد کے بارے میں حتمی فیصلہ کیا جائے گا جس کے بعد باضابطہ الیکشن شیڈول جاری کیا جائے گا۔ جنرل باڈی اجلاس میں پشاور کی ایک عدالت کے احاطے میں معزز وکیل مدیحہ شاہ ایڈووکیٹ کے ساتھ پیش آنے والے افسوسناک واقعہ پر بھی شدید تشویش کا اظہار کیا گیا اجلاس نے مخالف فریق کی جانب سے عدالت کے سامنے ان پر تشدد اور زدوکوب کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے قانون کی حکمرانی' عدالتی تقدس اور وکلاء برادری کے وقار پر حملہ قرار دیا۔ جنرل باڈی نے اس واقعے کے خلاف احتجاجاً متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ آج بروز پیر 6 جولائی 2026ء کو پورے صوبہ خیبر پختونخواہ میں وکلاء مکمل ہڑتال کریں گے اس روز تمام تحصیل، ضلعی اور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشنز کے وکلاء عدالتوں میں پیش نہیں ہوں گے اور عدالتی کارروائی کا مکمل بائیکاٹ کریں گے۔

بقیہ 10

افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس روڈ کی تعمیر کا تخمینہ ایک کروڑ روپے ہے۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی کیپٹن محمد صفدر تھے، جو پاکستان مسلم لیگ (ن) کے راہنماء اور سابق ایم این اے ہیں۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ سابقہ ڈسٹرکٹ و تحصیل ممبر مانسہرہ میاں بشارت حسین کے بھتیجے میاں عثمان بھی موجود تھے۔ تقریب میں مسلم لیگ (ن) کے دیگر اہم رہنماں اور کارکنوں نے بھی شرکت کی، جن میں سابق ایم پی اے نعیم تخی تنولی، ضلعی صدر مسلم لیگ (ن) مانسہرہ سید جنید قاسم شاہ، عارف قلندر، جنرل سیکرٹری وسیم حسن سواتی، سابقہ ممبر جلو نعیم اعوان، ممبر شبلیہ وحید اعوان، گلفام سواتی، اظہر ملک اور دیگر راہنما ء و کارکنان شامل تھے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل دودھکوٹ اور جسال کے علاقوں میں سڑک کی تعمیر کے کام کا بھی باقاعدہ آغاز کیا گیا تھا۔ اس موقع پر میاں عثمان نے کیپٹن (ر) صفدر کی جانب سے فراہم کردہ دو کروڑ روپے کے فنڈ سے دودھکوٹ، جسال روڈ کے کام کے آغاز کے حوالے سے میڈیا کو بریفنگ دی۔ اس بریفنگ کے دوران ان کے ہمراہ میاں تنویر، میاں برادران اور علاقے کے عمائدین بھی موجود تھے۔

بقیہ 11

اپنے جیب سے مریضوں کے علاج خرچہ کرتا ہوں اور غریب بچیوں کی بے شمار شادیاں کرائی اور پڑھنے والے غریب بچیوں کے لئے میں سکالرشپ بھی دیتا ہوں خدمت خلق میٹی کا مشن سیاست سے پاک ہے ہر غریب کا خیال رکھا جاتا ہے ہم لے لوث عوامی خدمت کررہے ہیں مین سرن ویلی کے صحافیوں کے تعاون سے خدمت خلق کرتے رہیں گے اس موقع پر ڈاکٹر میر خان ڈاکٹر افتخار خان، نعیم خان، تسلیم خان رچھاڑی، صابر صراف اعوان، فہیم خان، ارشد خان اور دیگر مقررین نے شرکت کی اس موقع پر خواتین کی بڑی تعداد موجود تھی جن میں کینسر کی مریض بھی تھیں

بقیہ 12

جیل میں قید رہ چکے ہیں اور ظلم، جبر، فرعونیت اور استحصالی نظام کے خلاف جدوجہد ان کا مشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو حقیقی معنوں میں ایک اسلامی، جمہوری اور فلاحی ریاست بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان کے مطابق گزشتہ کئی دہائیوں سے حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کے باعث ملک معاشی، سیاسی اور سماجی بحرانوں کا شکار ہے، جبکہ عوام مہنگائی بے روزگاری اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی سے شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں مشتاق احمد نے وفاقی بجٹ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس میں عام آدمی کے بجائے سرمایہ دار طبقے اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے مفادات کو ترجیح دی گئی ہے انہوں نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں، ٹیکسوں اور دیگر شعبوں میں عوام پر مسلسل اضافی بوجھ ڈالا جا رہا ہے، جبکہ حکمران اپنے پروٹوکول پر اربوں روپے خرچ کر رہے ہیں اور عوام کو کوئی ریلیف فراہم نہیں کیا جا رہا۔ انہوں نے کہا کہ صاف پینے کے پانی سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے، مگر عوام آج بھی ان بنیادی حقوق سے محروم ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ موجودہ نظام میں بنیادی تبدیلی کے بغیر ملک کی حقیقی ترقی ممکن نہیں کشمیر اور فلسطین کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے مشتاق احمد نے کہا کہ امت مسلمہ کو اتحاد واتفاق کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ وہ دومرتبہ غزہ اور فلسطین جا چکے ہیں اور فلسطینی عوام کی آزادی تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ پاکستان میں ایک کروڑ نوجوان اس وقت آئس اور ہیروئن میں مبتلا ہیں اس کا ذمہ دار کون ہیں نوجوان ملک کا قیمتی اثاثہ ہے نوجوانوں کے حقوق کی بازیابی کیلئے ہرممکن جدوجہد جاری رکھے گئے پاکستان رائٹس موومنٹ پاکستانی عوام اور نوجوانوں کو انکے حقوق دلوا کر دم لے گئے، انہوں نے مزید کہا کہ کشمیر ایکشن کمیٹی پاکستان یا افواج پاکستان کے خلاف نہیں بلکہ کشمیری عوام کے حقوق کی حمایت میں آواز بلند کررہی ہے جبکہ عالم اسلام کی قیادت کو بھی مظلوم مسلمانوں کی عملی حمایت کے لیے مؤثر اقدامات کرنے چاہئیں۔ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ان کی رہائی کا فیصلہ امریکہ میں نہیں بلکہ اسلام آباد میں مضبوط سیاسی عزم سے ممکن ہے تاہم اس کے لیے حکمرانوں کو جرات مندانہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ تقریب کے اختتام پر مشتاق احمد نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ملک میں انصاف، عوامی حقوق اور مثبت تبدیلی کے لیے پاکستان رائٹس موومنٹ کا ساتھ دیں۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ تنظیم عوام کے حقوق کے تحفظ اور انہیں مایوس نہ کرنے کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ اس موقع پر ڈیرئل کوآرڈینیٹر ملک امان، تحریک انقلاب صوبہ ہزارہ چیئرمین سید مصدق شاہ بخاری، سماجی شخصیت میاں فدا حسین، فیاں الفت حسین اور میاں شوکت حسین ودیگر نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 13

بہتری پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے مطابق آمنہ سردار کی خصوصی توجہ، ان کے خاندان اور مقامی کمیونٹی کے تعاون سے اسکول میں کمپیوٹر لیب، واش رومز، عمارت، کھیل کے میدان اور دیگر بنیادی سہولیات کو بہتر بنایا گیا، جبکہ طالبات کے لیے اسکالرشپس اور دیگر تعلیمی معاونت بھی فراہم کی گئی۔ ویمن کمیشن کی چیئرپرسن ڈاکٹر سمیرا شمس نے آمنہ سردار، ان کے خاندان اور مقامی کمیونٹی کی ان قابل تحسین کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام عوامی خدمت، اجتماعی ذمہ داری اور تعلیم سے حقیقی وابستگی کی بہترین مثال ہے. سرکاری تعلیمی اداروں میں مؤثر اور پائیدار تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ دیگر علاقوں میں بھی ایسے اقدامات کو فروغ دیا جائے تاکہ سرکاری اسکولوں کا معیار مزید بہتر ہوسکے۔ اس موقع پر آمنہ سردار نے کہا کہ تعلیم میں سرمایہ کاری ہی مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ سرکاری اسکول ہمارے اپنے ادارے ہیں، اور ان کی بہتری حکومت کے ساتھ ساتھ معاشرے کی بھی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اگر ہم سب مل کر اپنے تعلیمی اداروں کو مضبوط بنانے کا عزم کریں تو آنے والی نسلوں کو بہتر مستقبل فراہم کیا جاسکتا ہے۔ آمنہ سردار نے ڈاکٹر سمیرا شمس اور خیبر پختونخوا ویمن کمیشن کی رکن MPA ریحانہ اسماعیل کا دورے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مقامی اداروں کی ترقی اور بہتری کے لیے آپ جیسے مخلص اور باصلاحیت افراد کی رہنمائی، سرپرستی اور مؤثر نگرانی (چیک اینڈ بیلنس (نہایت ضروری ہے۔ ایسے دورے نہ صرف اداروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں بلکہ مزید بہتری کے لیے نئی راہیں بھی متعین کرتے ہیں۔ آمنہ سردار نے کہا کہ اسکول کی پرنسپل کی انتھک کاوشوں، اساتذہ اور تمام عملے کے بھرپور تعاون سے یہ تبدیلی ممکن ہوئی۔ یہ ایک بہترین ٹیم ورک کی مثال ہے، اور ان شاء اللہ ہم اسی جذبے، باہمی تعاون اور عزم کے ساتھ اپنے علاقے کی ترقی اور تعلیمی بہتری کے لیے کام کرتے رہیں گے۔

بقیہ 14

سے مسجد کے داخلی اور خارجی راستے بند ہو گئے ہیں مسجد انتظامیہ نے ڈی جی کے پی اے سے مطالبہ کیا ہے کہ غیر قانونی شلٹرز کو فوری طور پر مسمار کرکے مسجد کے راستوں کو آزاد کرایا جائے انتظامیہ کا کہنا ہے کہ نماز جمعہ کے دوران چار منزلہ مسجد میں نمازیوں کا ایک بڑا اجتماع ہوتا ہے جنہیں داخل ہونے اور خاص طور پر نماز کے بعد مسجد سے نکلنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور کسی ہنگامی حالت میں مجمع کا انخلاء ممکن نہیں ہے خالد نامی شخص نے منع کرنے کے باوجود راتوں رات کھوکہ تعمیر کرکے مسجد کا راستہ مکمل بند کردیا ہے جس کے خلاف تھانہ ناراں میں درخواست بھی دی گئی ہے

بقیہ 15

سے مسالکتان بنا ہوا ہے مرتضی جاوید عباسی نے چند ماہ پہلے بیروٹ سے جلسہ عام میں اعلان کیا تھا کہ یونین کونسل بیروٹ کو اسلام آباد میں شامل کیا جائے لیکن یہ وہی بات ہوئی جس طرح عمران خان نے بیروٹ جلسہ عام میں بیروٹ تحصیل کا اعلان کیا تھا معلوم نہیں حکمران لوگ یونین کونسل بیروٹ سے اتنا سخت انتقام کیوں لے رہے ہیں بیروٹ سے ایبٹ آباد آج کے دور میں بھی آنے جانے کے دو ہزار روپے کرایہ ہے اگر کسی کا کام نہ ہو جائے تو رات ایبٹ آباد قیام کے بعد دوسرے دن پانچ ہزار کے اخراجات ہوتے ہیں پھر ایبٹ آباد قیام کے بعد دوسرے دن پانچ ہزار کے اخراجات ہوتے ہیں پھر ایبٹ آباد انتظامیہ کے لوگ بیروٹ والے لوگوں سے نہایت بدانتظامی کا مظاہرہ کرتے ہیں

بقیہ 16

سراسر جھوٹ کا پلندہ ہے جن لوگوں نے یہ افواہ پھیلائی وہ آئے اور حلف اٹھائے بفہ کے غیور اور غیرت مند عوام جھوٹ بولنے والوں کو جانتے ہیں انہوں نے کہا کہ موٹروے میاں محمد نواز شریف نے بنائی سوئی گیس فراہمی کا اعلان کیا آج بفہ میں سوئی گیس پہنچ گیا ہے اب عوام سوئی گیس میٹر لگانے کے لئے درخواستیں جمع کرائے انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے گزشتہ الیکشن میں میاں نواز شریف کو موٹروے کے راستے واپس بھجا اگر میاں نواز شریف جیتا ہوتا تو حلقہ کے عوام کی زندگیاں بدل جاتی اس کے باوجود میں اپنی بہنوں ماؤں کی سہولت کے لئے محنت کرتا رہوں گا الیکشن کے دنوں بہت سارے آ کر کہتے ہیں کہ بفہ میں ہماری رشتہ داریاں ہیں الیکشن کے بعد کوئی رشتہ نہیں ہوتا انہوں نے کہا کہ بجلی کی فراہمی گرڈ سٹیشن میری اولین ترجیح ہے اور نواز شریف نے اربوں روپے کے فنڈ لاہور سے مانسہرہ ٹرانسفر کیے کہ پسماندہ علاقہ ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکے انہوں نے مزید کہا کہ بابر سلیم سواتی اگر سپیکر ہے تو ہم سب کی عزت ہے اور یہ عزت بھی کچھ لوگوں کو ہضم نہیں ہوتی اور اس کے خلاف پروپیگنڈہ کرتے ہیں بابر سلیم سواتی غیرت مند انسان ہے جس نے شہزادہ گشتاسپ کو کنٹینر سے اتارہ اس لیئے میں بابر سلیم سواتی کے ساتھ ہوں آخر میں نادر خان نے تمام معززین علاقہ اور کیپٹن صفدر اعوان کا شکریہ ادا کیا کہ کیپٹن محمد صفدر اعوان نے اپنے وعدے کو مکمل کر کے آج سوئی گیس کا افتتاح کیا۔

بقیہ 17

ہو گیا ریسکیو 1122 کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی ناران ریسکیو اسٹیشن سے میڈیکل ٹیم فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور زخمی کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ زخمی سیاح کا تعلق لاہور سے ہے، جسے فوری طور پر ناران ہسپتال منتقل کیا گیا۔ وہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد زخمی کی حالت کے پیش نظر اسے مزید علاج کے لیے ریسکیو 1122 کی ایمبولینس کے ذریعے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال بالاکوٹ منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 18

۔ انتخابی مہم کے آغاز پر کارکنوں نے جوش وخروش کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر کارکنوں نے ملک طارق اعوان، ایم پی اے اور ان کی پوری ٹیم کو کامیاب انتخابی مہم کے آغاز پر خراج تحسین پیش کیا اور ان کی کاوشوں کو سراہا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ پشاور میں انتخابی مہم کے پرجوش آغاز سے کارکنوں کے حوصلے بلند ہوئے ہیں اور مہم مزید تیزی سے آگے بڑھے گی۔ کارکنوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم، کارکنوں کی محنت اور عوام کی بھرپور حمایت سے مسلم لیگ (ن) اور مسلم کانفرنس کے مشترکہ امیدوار خواجہ فاروق احمد، مانی حلقہ ایل اے 6- وادی سے کامیابی حاصل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں جماعتوں کے کارکن متحد ہو کر انتخابی مہم چلا رہے ہیں اور عوام تک اپنا پیغام مؤثر انداز میں پہنچانے کے لیے مختلف علاقوں میں رابطہ مہم جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 19

جارہے ہیں سلریٹ تک ہر چیز سبزی فروٹ ہوٹل تک کوئی پوچھنے والا نہیں ہم تمام اہلیان جیوڑی ڈی سی، اے سی، اے سی بفہ پکھل اور دیگر ذمہ داروں سے مطالبہ کرتے ہیں فوری جیوڑی بازار کو چیک کیا جائے بڑی مقدار میں ایکسپائر چیزیں جن میں مصالحہ جات دودھ لہذا فوری جیوڑی بازار کو چیک کریں

بقیہ 20

سلی خدمت کا سفر ہمیشہ کی طرح آج بھی اور انشاءاللہ آئندہ بھی جاری رہے گا ان خیالات کا اظہار آزاد کشمیر کے سابق وزیر و آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی حلقہ ایل اے 45 وادی 6 سے پی پی پی کے امیدوار عبدالماجد خان نے مانسہرہ میں ایک عوامی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میرے دروازے حلقہ بھر کے کشمیری مہاجرین عوام کی خدمت اور انکو درپیش مسائل کے خاتمے کیلئے کھلے ہیں انہوں نے کہا حلقہ کے عوام کو سہولیات پہنچانا اور لوگوں کی ترقی و خوشحالی میرا مشن ہے جس کیلئے میری جدوجہد جاری ہے اس موقع پر سابق امیدوار قانون ساز اسمبلی عبدالناصر خان پی پی پی آزاد کشمیر کے پی کے سینئر نائب صدر ملک محمد فرید اور پاکستان پیپلز پارٹی مانسہرہ کے ڈسٹرکٹ کوارڈینیٹر شیخ غفور حسین کے علاوہ کئی اور رہنما بھی موجود تھے

بقیہ 21

علاقے بھر سے مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں اور مقامی رہنماں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مرتضی جاوید عباسی نے کہا کہ انہوں نے حالیہ ملاقات میں وزیراعظم سے بوئی تا سوار گلی روڈ کی تعمیر کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی، جبکہ ریالہ تا ترمٹھیاں روڈ کی تعمیر کا معاملہ بھی وزیراعظم کے سامنے رکھا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم نے دونوں اہم شاہراہوں کے لیے فنڈز کی منظوری کی یقین دہانی کرائی ہے، جس سے علاقے میں ترقیاتی کاموں کی راہ ہموار ہوگی اور عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی۔ تقریب میں سابق چیئرمین حسام عباسی، سابق چیئرمین مجھومان جبار عباسی، سابق چیئرمین ریالہ فاروق ربانی، سابق چیئرمین لونگال لالہ امتیاز، سابق چیئرمین پلک حاجی مقبول، سابق چیئرمین سورجل حافظ احمد سمیت مسلم لیگ (ن) کے متعدد مقامی رہنماں، عہدیداروں اور کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکا نے پارٹی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے علاقے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 22

بڑھ رہا ہے تفصیلات کے مطابق مانسہرہ کے عوامی سماجی اور سنجیدہ حلقوں نے افغانیوں کے انخلاء پر اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب ہمارے حکمرانوں اور انتظامیہ کو اس بات کا یقین ہوچلا تھا کہ پاکستان میں ہونیوالے خودکش دھماکے افغانستان سے آنے والے بھارتی ایجنٹ ہیں جو افغانیوں پر مشتمل ہیں تو اس کے باوجود انہیں یہاں پناہیں فراہم کرنا ملک وقوم سے کھلی غداری ہے سنجیدہ حلقوں نے اس بات پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغانیوں کے انخلاء کے حکومتی احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے تینوں صوبوں پنجاب سندھ اور بلوچستان نے افغانیوں کو سختی سے نکال باہر کردیا تھا جنہوں نے وہاں سے بھاگ کر کے پی کے کا رخ کیا اور پھر کے پی کے تمام اضلاع میں آپشن کرنے کے اکثریت سے افغانیوں کو بھگا دیا لیکن ان بھاگنے والوں نے ضلع مانسہرہ میں پناہیں تلاش کرلیں ہیں مذکورہ حلقوں نے بتایا اس وقت افغان بھگوڑے مانسہرہ اور اس کے مضافات میں کثیر تعداد میں موجود ہیں جو ضلعی انتظامیہ کے لئے لمحہ فکریہ ہے

بقیہ 23

۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف دفعہ 324 کے تحت مقدمہ درج کرلیا ہے۔ فائرنگ میں ملوث ملزمان کی شناخت کیہال کے رہائشی حیدر علی عرف باکسر اور عثمان آباد کے رہائشی سلطان کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے دونوں ملزمان کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپوں کا سلسلہ تیز کردیا ہے۔ ذرائع کے مطابق چھاپوں کے دوران پولیس نے ملزمان کے بھائیوں کو حراست میں لیا ہے، تاہم مرکزی ملزمان تاحال گرفتار نہیں ہو سکے۔ فائرنگ کی وجہ تاحال سامنے نہیں آ سکی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کی گرفتاری کے بعد واقعے کی اصل وجوہات اور تمام حقائق واضح ہونے کی توقع ہے۔

بقیہ 24

خیبر پختونخوا برائے محکمہ موسمیاتی تبدیلی، جنگلات، ماحولیات وجنگلی حیات، پیر مصور خان کی خصوصی دلچسپی اور واضح ہدایات پر جنگلات دشمن عناصر کے خلاف صوبہ بھر میں مؤثر، بلاامتیاز اور قانون کے مطابق کارروائیاں جاری ہیں؛ تاکہ قومی قدرتی وسائل کو ہر قیمت پر محفوظ بنایا جاسکے۔ اسی سلسلے میں چند ماہ قبل ضلع مانسہرہ کے علاقے بٹل کے قیمتی جنگلات میں ہونے والی غیر قانونی درختوں کی کٹائی کے خلاف عوامی سطح پر آواز بلند کی گئی تھی۔ اس معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈویژنل فاریسٹ آفیسر مانسہرہ امان اللہ خان کی قیادت میں محکمہ جنگلات کی ٹیم نے مربوط حکمت عملی اپنائی، جبکہ ایس ایچ او بٹل پولیس اسٹیشن بشیر خان اور ان کی ٹیم کے بھرپور تعاون سے کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی کٹائی میں ملوث مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ یہ کامیاب کارروائی اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ حکومت خیبر پختونخوا، محکمہ جنگلات اور قانون نافذ کرنے والے ادارے جنگلات دشمن عناصر کے خلاف کسی قسم کی رعایت یا نرمی کے قائل نہیں۔ جنگلات قومی اثاثہ ہیں، اور ان کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اس کامیاب کارروائی پر ڈی ایف او مانسہرہ جناب امان اللہ خان، محکمہ جنگلات کی پوری ٹیم، ایس ایچ او بٹل بشیر خان اور کارروائی میں شریک تمام افسران و اہلکار خراج تحسین کے مستحق ہیں، جنہوں نے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داری اور فرض شناسی کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے قومی وسائل کے تحفظ میں اہم کردار ادا کیا۔ تاہم متعلقہ اداروں سے یہ پرزور توقع کی جاتی ہے کہ اس کارروائی کو صرف گرفتاری تک محدود نہیں رکھا جائے گا، بلکہ مقدمے کی بھرپور پیروی کرتے ہوئے ملزم کو قانون کے مطابق سخت ترین سزا دلائی جائے گی، تاکہ یہ فیصلہ جنگلات کو نقصان پہنچانے والے دیگر عناصر کے لیے واضح تنبیہ اور عبرت کا باعث بنے۔ محکمہ موسمیاتی تبدیلی، جنگلات، ماحولیات و جنگلی حیات اس عزم کا اعادہ کرتا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے وژن اور مشیر برائے وزیراعلیٰ پیر مصور خان کی ہدایات کے مطابق جنگلات، جنگلی حیات اور قدرتی ماحول کو نقصان پہنچانے والے ہر فرد کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی جاری رہے گی، کیونکہ سرسبز جنگلات ہی ماحولیاتی تحفظ، آبی وسائل، حیاتیاتی تنوع اور آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کی بنیاد ہیں۔ درخت صرف لکڑی نہیں، زندگی کی علامت ہیں۔ جنگلات کا تحفظ دراصل آنے والی نسلوں کے محفوظ، سرسبز اور خوشحال مستقبل کا تحفظ ہے

بقیہ 25

کھڑے کرکے یہ ٹیکس وصولی کا سلسلہ شروع کررکھا ہے اڈا فیس اڈے کے اندر وصولی کی جائے نہ کہ چوکوں سڑکوں پر زبردستی ڈرائیور حضرات کو ذلیل کرکے 20 روپے سے بڑھا کر 70 روپے وصولی شروع کر رکھا ہے ہماری وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل خان آفریدی، ممبر صوبائی اسمبلی افتخار خان، ممبر قومی اسمبلی علی اصغر خان، اسسٹنٹ کمشنر حویلیاں اسامہ خان سے اپیل ہے اس جگا ٹیکس کے خاتمے کے احکامات جاری کرکے غریب پروری کا اظہار کیا جائے۔

بقیہ 26

سیاسی بنیادوں پر شنکیاری فیڈر کے ساتھ تقریباً ڈیڑھ درجن اضافی ٹرانسفارمر منسلک کیے گئے، جس کے باعث علاقے میں وولٹیج بری طرح گر گیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ایک طرف غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا عذاب مسلط ہے اور دوسری طرف کم وولٹیج نے معمولات زندگی مفلوج کر دیے ہیں۔ عوامی وسماجی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ شنکیاری فیڈر پر اضافی بوجھ فوری ختم کیا جائے، سیاسی بنیادوں پر منسلک کیے گئے ٹرانسفارمر الگ کیے جائیں اور کم وولٹیج کے مسئلے کا مستقل حل نکالا جائے۔ شہریوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو عوام سڑکوں پر نکلنے پر مجبور ہوں گے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام اور واپڈا انتظامیہ پر عائد ہوگی۔ اہل علاقہ نے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے اور شنکیاری کے ہزاروں بجلی صارفین کو اس سنگین بحران سے نجات دلانے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 27

سے خراب ہونے کے باعث علاقہ مکین شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ شدید گرمی کے اس موسم میں پانی کی فراہمی معطل ہونے سے عوام بوند بوند کو ترس گئے ہیں، جس سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہورہے ہیں عوامی حلقوں نے ذمہ داران کی اس طرف توجہ مبذول کرواتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس عوامی مشکلات کو کم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 28

، فیصلوں اور اقدامات کا محور عوامی مفاد اور شہریوں کا اطمینان ہوگا جبکہ کرپشن، نااہلی اور ناقص کارکردگی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔ صوبائی کابینہ کے اراکین اور تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی بجٹ کی منظوری اور نئے مالی سال کے آغاز کے بعد حکومت کو عمران خان کے وژن کے مطابق اپنی ترجیحات اور اہداف کے حصول کے لیے پوری توجہ اور تیز رفتاری کے ساتھ آگے بڑھنا ہے۔ انہوں نے وزراء، مشیران، معاونین خصوصی اور انتظامی سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ باہمی رابطہ اور کوآرڈینیشن مضبوط بنائیں اور تمام فیصلے باہمی مشاورت، میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر کریں۔ وزیراعلیٰ نے کرپشن کے خلاف سخت مؤقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی سطح پر کرپشن اور بدعنوانی برداشت نہیں کی جائے گی اور محکموں میں کرپشن کے تمام چھوٹے بڑے راستے بند کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ سروس ڈیلیوری، مالی معاملات یا کسی بھی دوسری شکل میں بدعنوانی پر کوئی رعایت نہیں ہوگی۔ وزیراعلیٰ نے وزراء، مشیران اور انتظامی سیکرٹریز کو اختیار دیتے ہوئے ہدایت کی کہ کرپٹ، نااہل، ناقص کارکردگی کے حامل اور عوامی توقعات پر پورا نہ اترنے والے افسران کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے، چاہے وہ کسی کے بھی منظور نظر ہوں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ محکموں اور حکومتی عہدیداروں کی کارکردگی کا اصل معیار پریزنٹیشنز، واٹس ایپ، سوشل میڈیا یا دفتری رپورٹس نہیں بلکہ عوام کا اطمینان ہوگا۔ عوام حکومتی خدمات اور اقدامات سے مطمئن ہوں گے تو حکومت بھی محکموں کی کارکردگی سے مطمئن ہوگی، لیکن اگر عوام مطمئن نہ ہوں تو اچھی سے اچھی پریزنٹیشن اور رپورٹ کا کوئی فائدہ نہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام حکومتی فیصلے عوامی مفاد میں کیے جائیں اور شہریوں کو ان کی دہلیز پر خدمات اور ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ عوام کو مؤثر اور بروقت ریلیف فراہم کرنے کے لیے محکموں کی تنظیم نو، اصلاحات اور ڈیجیٹائزیشن سمیت جو اقدامات ضروری ہوں کیے جائیں۔ صوبائی حکومت اور چیف سیکرٹری کی جانب سے ایسے تمام اقدامات کو مکمل تعاون فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ اصلاحات کا حتمی مقصد عوام کی سرکاری خدمات تک رسائی آسان بنانا اور سروس ڈیلیوری میں نمایاں بہتری لانا ہونا چاہیے۔ وزیراعلیٰ نے حکومتی اقدامات اور کارکردگی کی مؤثر تشہیر پر خصوصی زور دیتے ہوئے تمام محکموں کو جامع کمیونیکیشن اسٹریٹجی مرتب کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ محکمے عوام کو اپنی اصلاحات، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی مفاد کے اقدامات سے مؤثر انداز میں آگاہ کریں کیونکہ عوام کسی اصلاح، سہولت یا حکومتی اقدام سے اس وقت تک مکمل طور پر مستفید نہیں ہو سکتے جب تک انہیں اس کے بارے میں آگاہی اور اس سے استفادے کے طریقہ کار کا علم نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ بہترین کارکردگی کے باوجود اگر عوام حکومتی اقدامات اور دستیاب سہولیات سے لاعلم ہوں تو نہ صرف ان اقدامات کے مطلوبہ ثمرات عوام تک پہنچ سکتے ہیں بلکہ حکومت کو اپنی کارکردگی کا مطلوبہ کریڈٹ بھی نہیں مل سکتا۔ اس لیے ہر محکمہ اپنی کمیونیکیشن اسٹریٹجی مضبوط بنائے اور خیبر پختونخوا سمیت ملک بھر کے عوام کو حکومتی اصلاحات، منصوبوں، اقدامات اور دستیاب سہولیات سے مؤثر انداز میں آگاہ کرے۔ وزیراعلیٰ نے تمام وزراء کو ہدایت کی کہ وہ دفاتر میں بیٹھ کر اجلاسوں تک محدود رہنے کے بجائے فیلڈ میں جائیں اور ہر ماہ کم از کم سات اضلاع کے دورے یقینی بنائیں۔ وزراء ضلعی دوروں کے دوران متعلقہ افسران اور عوام سے ملاقاتیں کریں، شہریوں کے مسائل سنیں اور ان کے فوری حل کے لیے عملی اقدامات کریں۔ انہوں نے تمام وزراء کو اپنے ضلعی دوروں کا باقاعدہ شیڈول مرتب کرکے وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ اور چیف سیکرٹری آفس کو فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ نے ہر محکمہ کو اپنا کمپلینٹ سیل قائم کرکے اسے وزیراعلیٰ کمپلینٹ سیل سے منسلک کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ وہ عوامی شکایات، ان کے ازالے کے لیے کیے گئے اقدامات اور شہریوں کے اطمینان کا روزانہ کی بنیاد پر خود جائزہ لیں گے۔ عوامی شکایات کا بروقت ازالہ نہ ہونے کی صورت میں ذمہ دار افسران کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے گی۔ ترقیاتی پروگرام سے متعلق ہدایات دیتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی بجٹ اور سالانہ ترقیاتی پروگرام میں حکومت کی ترجیحات واضح ہیں اور تمام محکمے اپنے ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتار اور نتیجہ خیز عملدرآمد یقینی بنائیں۔ انہوں نے خصوصی طور پر عمران خان کے وژن کے عکاس سکلیپر منصوبوں پر فوری اور ترجیحی بنیادوں پر کام کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے واضح کیا کہ ان منصوبوں پر عملدرآمد میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ تمام محکمے رواں مالی سال کے دوران ڈی ایف سی اسکیموں کی تکمیل یقینی بنائیں جبکہ نئی ترقیاتی اسکیموں کے لیے واضح ٹائم لائنز مرتب کی جائیں جن میں منصوبوں کو حتمی شکل دینے اور عملی کام کے آغاز کی مدت واضح ہو۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ کی جانب سے کسی معاملے پر رابطہ کیے جانے کی صورت میں متعلقہ محکمہ 24 گھنٹوں کے اندر نتیجہ اور پیش رفت یقینی بنائے۔ وزیراعلیٰ نے سی ایم گڈ گورننس روڈ میپ کے تحت طے شدہ اقدامات پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تمام متعلقہ محکمے اپنے اہداف اور اقدامات سے مکمل آگاہی حاصل کریں اور ان پر مقررہ مدت کے اندر عملدرآمد کریں۔ انہوں نے ضلعی سطح پر سروس ڈیلیوری کی بہتری پر بھی خصوصی توجہ دینے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت کے تمام محکمے محنت کر رہے ہیں اور عوامی فلاح وبہبود کے لیے اہم اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، تاہم ان اقدامات اور کامیابیوں کو مؤثر انداز میں عوام تک پہنچانے کی ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ جاری کردہ ہدایات اور مقررہ اہداف پر عملدرآمد کا تین ماہ بعد دوبارہ جائزہ لیا جائے گا۔ تمام وزراء، مشیران، معاونین خصوصی اور انتظامی سیکرٹریز کی کارکردگی کا جائزہ دی گئی ہدایات اور اہداف پر پیش رفت کی بنیاد پر لیا جائے گا اور اسی کے مطابق سزا اور جزا کا فیصلہ کیا جائے گا۔ صوبائی کابینہ اراکین، چیف سیکرٹری، ایڈیشنل چیف سیکرٹری اور صوبائی محکموں کے انتظامی سیکرٹریز اجلاس میں شریک ہوئے۔

بقیہ 29

بھرتی بیوروکریسی میں بھی ہلچل مچی ہوئی ہے اور اپنی اپنی جگہوں پر بیٹھنے کے باوجود تذبذب کا شکار ہیں۔ ذرائع کے مطابق تبادلے فی الفور کچھ سینئر افسران کے ناموں پر اتفاق نہ ہونے کے باعث نوٹیفکیشن تاخیر کا شکار ہے اگلے دو چار دنوں میں اتفاق ہوتے ہی اکھاڑ پچھاڑ کردی جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ صوبے کے کچھ اضلاع' اہم پوسٹوں' ڈویژن اور سیکرٹری شپ کے لئے ہاتھ پاؤں مارنے کی خبریں گردش کر رہی ہے جبکہ کئی اضلاع اور اہم پوسٹوں پر براجمان افسران چمٹ کر بھی بیٹھے ہوئے ہیں جنہیں ہٹانا بھی ضروری ہوچکا ہے۔

بقیہ 30

لی کمزوریوں کو بے نقاب کیا ہے۔ ہماری مہم کے برعکس کیے جانے والے معائنوں سے معلوم ہوا کہ کارخانے بغیر لائسنس کے کام کر رہے ہیں یا ایک ہی لائسنس کے تحت متعدد صنعتی یونٹ چلا رہے ہیں، جس سے تنظیمی نگرانی کی کمی اور ٹیکس چوری کے بارے میں سنگین خدشات پیدا ہوتے ہیں۔ متعدد صنعتیں ماحولیات، غذائی تحفظ اور عوامی صحت کے معیاروں کی خلاف ورزی کرتی پائی گئیں۔ ان میں ایک ہی احاطے کے اندر متضاد مصنوعات تیار کرنے والی فیکٹریاں، شانہ بشانہ چلنے والی خطرناک صنعتی سرگرمیاں، ماحول میں بغیر ٹریٹمنٹ (تطہیر) کے چھوڑا جانے والا صنعتی فضلہ، اور مبینہ طور پر کوکنگ آئل کی تیاری میں ذبح خانوں کے فضلے سے نکالے گئے تیل کا استعمال شامل ہیں۔ لیبارٹری ٹیسٹوں سے یہ بھی انکشاف ہوا کہ جانچے گئے کوکنگ آئل ان غذائی اجزا (نیوٹرک ایڈوٹز) سے محروم تھے جن کا اشتہار ان کے لیبلز پر دیا گیا تھا۔ ان معائنوں نے مزدوروں کے حقوق کی شدید خلاف ورزیوں کو بھی اجاگر کیا، جن میں کام کے غیر محفوظ حالات، حفاظتی سامان کی عدم دستیابی، قانونی طور پر طے شدہ کم از کم اجرت سے کم تنخواہیں، اور صحت کی دیکھ بھال، سماجی تحفظ اور پیشہ ورانہ سلامتی تک محدود رسائی شامل ہیں۔ کام کی جگہوں پر ہونے والے حادثات اور ہلاکتوں کی رپورٹس نے کمزور نفاذ قانون کے انسانی نقصان کو واضح کیا۔ ماحولیاتی خلاف ورزیوں کے مہینوں سے دستاویزی ثبوت موجود ہونے کے باوجود، قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بڑے آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف کوئی مؤثر کارروائی نہیں کی ہے۔ اس کے برعکس، مبینہ طور پر ماحولیاتی محافظوں کو ڈرانے دھمکانے کا سامنا کرنا پڑا ہے، جبکہ متاثرہ کمیونٹیز اب بھی آلودگی اور اس کے صحت پر پڑنے والے اثرات کو ثابت کرنے کا بوجھ اٹھا رہی ہیں وہ ذمہ داریاں جو دراصل سرکاری اداروں کی ہونی چاہئیں۔ ان دوروں سے ادارہ جاتی صلاحیت کی واضح کمی بھی سامنے آئی۔ اہم محکمے بشمول صنعت، لیبر، ماحول، خوراک اور صحت اکثر ان صنعتوں کے بارے میں بنیادی معلومات سے بھی محروم ہیں جن کی نگرانی ان کے ذمے ہے، جبکہ قانون سازی کی سطح پر نگرانی کمزور ہے اور شہری برادریوں کے کام کرنے کا دائرہ کار (سیوک اسپیس) سکڑتا جا رہا ہے۔ پاکستان کمزور ریگولیشن، ماحولیاتی تنزلی، غیر محفوظ کام کی جگہوں، ٹیکس چوری، اور ناقص مصنوعات کے بل بوتے پر پائیدار اقتصادی ترقی حاصل نہیں کر سکتا۔ عوام کی صحت کے تحفظ، عوامی اعتماد کی بحالی، اور مزید نقصان کو روکنے کے لیے بامعنی گورننس اصلاحات ناگزیر ہیں۔

بقیہ 31

اہمیت کے اعتبار سے بی ایچ یو اپنی افادیت کھو چکی ہیں صوبائی حکومت نوٹس لے تفصیلات کے مطابق صوبے بھر میں قائم بی ایچ یوز اپنی افادیت کے اعتبار سے شہریوں کو بنیادی صحت کی سہولتیں باہم فراہم کرنے میں ناکام نظر آتی ہیں جبکہ صوبائی غزانے سے ماہانہ سٹاف کی تنخواہیں اور ان کے دوسرے اخراجات پر عربوں روپے خرچ ہورہے ہیں لوگ معمولی بیماریوں میں بھی ان سے مستفید نہیں ہورہے جبکہ قومی غزانہ ان پر لٹایا جارہا ہے ہیڈ اکثر حضرات اور دوسرا اسٹاف اپنی مرضی سے دن دس گیارہ بجے پہنچتا ہے بعض آتے ہی نہیں جو حاضر ہو بھی جائیں تین دن دو بجے چھٹی کردیتے ہیں ان ہسپتالوں میں سٹاف کو بھی بنیادی سہولتیں میسر نہیں حکومت فوری طور پر ان ہسپتالوں کو بنیادی صحت کی سہولتیں فراہم کرکے فعال بنائے تاکہ شہری ان ہسپتالوں سے استفادہ کرسکیں۔

بقیہ 32

ملی تربیت فراہم کی گئی۔ مانسہرہ: الخدمت فاؤنڈیشن ہزارہ کے زیر اہتمام مون سون سیزن کے ممکنہ سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ اور دیگر قدرتی آفات سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے تین روزہ "مون سون پریپیئرڈنس ٹریننگ" کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئی۔ تربیتی پروگرام میں ہزارہ ڈویژن کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے رضا کاروں نے بھرپور شرکت کی اور ماہر انسٹرکٹرز سے ڈیزاسٹر مینجمنٹ، ایمرجنسی ریسپانس اور واٹر ریسکیو کی جدید تکنیکوں پر نظریاتی و عملی تربیت حاصل کی۔ تربیت کا مقصد رضا کاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرنا، انہیں ہنگامی حالات میں بروقت اور مؤثر انداز میں امدادی سرگرمیاں انجام دینے کے قابل بنانا اور مون سون کے دوران پیش آنے والے ممکنہ حادثات سے نمٹنے کے لیے ہر لحاظ سے تیار کرنا تھا۔ تربیت کے دوسرے روز امیر جماعت اسلامی ہزارہ جناب عبدالرزاق عباسی نے شرکا سے خصوصی خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ انسانیت کی خدمت الخدمت فاؤنڈیشن کا بنیادی مشن ہے اور قدرتی آفات کے دوران بروقت امداد متاثرین کے لیے امید کی کرن ثابت ہوتی ہے۔ انہوں نے رضا کاروں کے جذبہ خدمت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے تربیتی پروگرام نہ صرف افراد کی صلاحیتوں میں اضافہ کرتے ہیں بلکہ معاشرے کو محفوظ اور مضبوط بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے رضا کاروں پر زور دیا کہ وہ ہر وقت خدمت خلق کے جذبے کے ساتھ اپنی پیشہ ورانہ مہارتوں کو مزید بہتر بنانے کی کوشش جاری رکھیں۔ تین روزہ تربیت کے دوران ماہر ٹرینرز نے شرکا کو واٹر ریسکیو سے متعلق جدید عملی مشقیں کروائیں، جن میں ریسکیو بوٹ کی انفلیشن اور اسمبلی، آؤٹ بورڈ موٹر (OBM) کا محفوظ استعمال، بوٹ آپریشن، ٹو اینڈ تھرو ریسکیو تکنیک، مقامی وسائل سے امپرووائزڈ ریسکیو کے طریقے، ریموٹ کنٹرولڈ لائف بوائے کا استعمال، تیراکی، ذاتی حفاظتی تدابیر، متاثرین کو محفوظ مقام تک منتقل کرنے کے طریقہ کار، ٹیم ورک اور ہنگامی رابطہ کاری جیسے اہم موضوعات شامل تھے۔ ٹریننگ کے دوران فرضی ہنگامی صورتحال پر مبنی عملی مشقوں کے ذریعے رضا کاروں کو حقیقی ریسکیو آپریشنز جیسا ماحول فراہم کیا گیا تاکہ وہ مشکل حالات میں فوری فیصلہ سازی، باہمی تعاون اور بین الاقوامی حفاظتی اصولوں کے مطابق امدادی کارروائیاں انجام دینے کی صلاحیت حاصل کرسکیں۔ اختتامی تقریب میں الخدمت فاؤنڈیشن ہزارہ کے ذمہ داران نے تربیت میں شریک تمام رضا کاروں، ٹرینرز اور منتظمین کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ الخدمت فاؤنڈیشن آئندہ بھی ایسے تربیتی پروگراموں کا انعقاد جاری رکھے گی تاکہ قدرتی آفات اور ہنگامی حالات میں عوام کو بروقت، محفوظ اور مؤثر امدادی خدمات فراہم کی جاسکیں۔ شرکا نے بھی اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ حاصل کردہ مہارتوں کو خدمت انسانیت کے لیے بروئے کار لاتے ہوئے ہر مشکل گھڑی میں متاثرہ افراد کی مدد کے لیے صف اول میں موجود ہوں گے۔

بقیہ 33

القرآن اسلامک سنٹر ترناوہ میں ہوئی جس میں علامہ رانا محمد ادریس ناظم مرکزی نظامت دعوت منہاج القرآن انٹرنیشنل نے خصوصی خطاب کیا اس پروگرام میں کثیر تعداد میں عوام الناس نے شرکت کی پروفیسر علامہ رانا محمد ادریس کا کہنا تھا کہ ذکر اور فکر دونوں بہت ضروری ہیں ہماری مجالس ذکر حسین سے تو بھری ہوتی ہیں لیکن فکر حسین ہمارے اندر جب تک نہیں آئے گی ان مجالس کا کوء فائدہ نہیں ہوگا۔ اور فکر حسین یہ ہے کہ جہاں برائی دیکھو اسکو مٹانے کے لیے کھڑے ہو جاؤ۔ اس کانفرنس میں تحریک منہاج القرآن کے ضلعی وتحصیلی رہنماؤں نے بھرپور شرکت کی۔ جن میں حاجی غلام شبیر' پروفیسر مظہر حسین خیال' علامہ حامد رضا قریشی، راجہ ناصر علی کیانی، حسن علی قادری، امجد حسین قادری، راجہ محمد سعید۔ کیپٹن یونس، اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ 34

علاقے کی ترقی کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر خوشی محمد کی جانب سے مہمانوں کی پرتپاک میزبانی اور پرتکلف ضیافت کا اہتمام کیا گیا، جس پر بیرسٹر سنگین سلطان خان اور ان کے ہمراہ موجود شخصیات نے ان کا دلی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ محبت، خلوص اور روایتی مہمان نوازی ہماری معاشرتی اقدار کا خوبصورت عکس ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ خوشی محمد کو ان کی بے لوث محبت، خلوص اور بہترین میزبانی کا اجر عظیم عطا فرمائے، ان کے رزق، صحت، عزت اور کاروبار میں مزید برکتیں نصیب فرمائے اور انہیں ہمیشہ خوش وخرم رکھے۔

بقیہ 35

علاقے کی معاشی وسماجی ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی۔ کیپٹن (ر) صفدر اعوان نے منصوبے کی منظوری اور آغاز پر وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سال 2022 میں سعودی حکومت کے تعاون سے اس منصوبے کو عملی شکل دی گئی، جس سے مانسہرہ کی ترقی کا دیرینہ خواب پورا ہو رہا ہے۔

بقیہ 36

ترقیاتی فنڈز سے روڈ کی تعمیر کے لیے ایک کروڑ پچپن لاکھ روپے کی منظوری دی گئی تھی، جن کے ٹینڈر آئندہ ہفتے جاری کیے جائیں گے، جس کے بعد ان منصوبوں پر باقاعدہ عملی کام کا آغاز کردیا جائے گا۔ جلسے کے دوران درجنوں افراد نے پاکستان تحریک انصاف میں شمولیت کا اعلان کرتے ہوئے ایم این اے علی اصغر خان اور ایم پی اے افتخار احمد خان جدون کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔ اس موقع پر تحصیل صدر احمد نواز خان، نبیل عباسی، فیصل خان کربکی، چیئرمین اشرف قریشی، ساجد قریشی، چوہدری رافع، وحید تنولی، سردار طارق، جمعہ خان، اسمٰعیل خان، ملک ثاقب اعوان، ساجد شاہ، سفیر شاہ، تحصیل یوتھ ونگ صدر بلال خان، فخر خان، جمعہ خان سلیمان خیل، ایوب خان لالا اور دیگر معززین اور پارٹی ورکرز نے بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ شرکا نے ترقیاتی منصوبوں کے اعلانات کا خیرمقدم کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی خدمت اور علاقے کی ترقی کا سفر مزید تیزی سے جاری رکھا جائے گا، جبکہ پاکستان تحریک انصاف کو مزید مضبوط بنانے کے لیے بھی بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔

بقیہ 37

کہ شیخ نثار تاجروں کی سیاست کے ساتھ ساتھ سماجی خدمات میں ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ چیف آرگنائزر انور رداوستی کا کہنا تھا کہ تاجر اتحاد گروپ نے شیخ نثار کی قیادت میں باہمی اتحاد واتفاق کو فروغ دے کر تاجروں کی فلاح وبہبود کے لئے اقدامات اٹھائے ہیں جو ان کی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے شیخ نثار احمد کو تیسری مرتبہ کامیابی کی مبارکباد دیتے ہوئے اس توقع کا اظہار کیا ہے کہ وہ پہلے سے بڑھ کر تاجروں کی خدمت کے ساتھ سماجی جدوجہد میں بھی کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 38

مرحومہ کی نماز جنازہ گاں چمنکہ میں ادا کی گئی۔ جس میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کثیر تعداد میں شریک ہوئے بعد ازاں مرحومہ کو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔

بقیہ 39

ل نے کرایہ میں کوئی کمی نہیں کی مذکورہ روڈ پر ڈرائیوروں کے پاس کوئی لائسنس نہیں فرنٹ سیٹ پر اپنے منظور نظر افراد کو بٹھاتے ہیں ٹریفک پولیس ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کرتی ٹریفک انسپکٹر ان کے خلاف فوری کارروائی کریں

بقیہ 40

ہے۔ حضرت امام حسین نے میدان کربلا میں عظیم قربانی پیش کرکے نہ صرف اپنے نانا حضرت محمد ﷺ کے دین کو سربلند رکھا بلکہ امت مسلمہ کو یہ واضح پیغام دیا کہ ظلم، جبر اور ناانصافی پر مبنی نظام کے سامنے سرتسلیم خم نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ حق و سچ کا راستہ ہمیشہ کٹھن ہوتا ہے، تاہم اسی راستے پر ثابت قدم رہنے والے ہی حقیقی کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ علامہ رانا ادریس نے مزید کہا کہ واقع کربلا آج بھی مسلمانوں کے دلوں میں ایمان، صبر اور استقامت کی نئی روح پھونکتا ہے، جبکہ ظلم وجبر کی علامت بننے والے یزید کے کردار کو تاریخ نے ہمیشہ کے لیے عبرت کا نشان بنا دیا ہے۔ محفل کے کامیاب انعقاد میں مصطفوی اسٹوڈنٹس موومنٹ کے صدر چوہدری معیز قادری، سعید احمد قادری، راشد نواز خان اور دیگر عہدیداران وکارکنان نے بھرپور کردار ادا کیا۔ شرکا نے نوجوان رضا کاروں کی بے لوث خدمات، بہترین انتظامات اور دینی جذبے کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 41

موسم، زراعت کی جدید ٹیکنالوجی، معیاری بیج اور بروقت مناسب پانی کی فراہمی پر نوجوان وقت پر معیاری فصل حاصل کرکے ملک کے لئے زرمبادلہ اور اپنا باعزت روزگار حاصل کرسکتے ہیں۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح نے پاکستان بناتے وقت اس کو ایک زرعی ترقیاتی ملک قرار دیا تھا مگر افسوس آج ہمارے حکمرانوں نے اس شعبہ زراعت کو لاوارث چھوڑ دیا ہے۔

بقیہ 42

کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر عامر شہزاد نے کہا کہ نجی سکولز جدید تقاضوں سے ہم آہنگ معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ طلبہ کی اخلاقی ودینی تربیت پر بھی بھرپور توجہ دیتے ہیں تاکہ معاشرے کو باکردار، تعلیم یافتہ اور ذمہ دار شہری میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ نجی تعلیمی ادارے محدود وسائل کے باوجود تعلیمی نظام کی بہتری اور شرح خواندگی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعلیمی اصلاحات وقت کی اہم ضرورت ہیں اور اس مقصد کے لیے حکومت، نجی تعلیمی اداروں، اساتذہ اور والدین کو مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ معیاری تعلیم ہی ملک کی ترقی اور خوشحالی کی ضمانت ہے، اس لیے تعلیمی شعبے کو مزید مضبوط اور جدید خطوط پر استوار کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 43

نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے اوگی اور گردونواح میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے مکمل کئے، جن میں سوئی گیس کی فراہمی، سڑکوں کی تعمیر وتوسیع اور دیگر بنیادی عوامی سہولیات کے منصوبے شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کا منشور ہمیشہ عوامی خدمت اور ترقی رہا ہے اور آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رکھا جائے گا اس موقع پر سابق امیدوار برائے صوبائی اسمبلی عارف قلندر تنولی ایڈووکیٹ، نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے اپنے دور حکومت میں علاقے کی تعمیر وترقی کے لیے نمایاں اقدامات کئے اور عوامی مسائل کے حل کو ہمیشہ ترجیح دی مقررین نے کہا کہ عوام کی خدمت صرف نعروں سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے ہوتی ہے، اور مسلم لیگ (ن) نے اوگی سمیت پورے علاقے میں ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے اپنی کارکردگی ثابت کی ہے۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ عوام سے رابطے مضبوط کریں اور پارٹی کا پیغام گھر گھر پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ 70 سالہ محرومیوں کا ازالہ کرنے کے لئے میں نے نوازشریف کو اس حلقے سے الیکشن لڑنے پر آمادہ کیا۔ لیکن عوام نے ساتھ نہ دے کر اپنی نسلوں کو تاریکی میں دھکیل دیا۔ آج عوام فیصلہ کریں کہ آپ ساتھ دیتے ہیں تو میں تعمیر وترقی کے سفر کا جاری رکھوں اگر نہیں تو مجھے کوء ضرورت نہیں کہ میں آپ کی خدمت بھی کروں اور گالیاں بھی سنوں۔ میں نے ہمیشہ ختم نبوت کی بات کی ہے۔ قادیانیت کے خلاف مزاحمت نہ کرنے والے ناموس رسالت پر جان فدا نہ کرنے والے بروز قیامت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا جواب دیں گے۔ الیکشن میں قادیانیوں نے چینی ڈالڈا اقندر قم تقسیم کیں اور نواز شریف کو ہرایا۔ اعظم سواتی کو مانسہرہ میں کرپشن نظر آرہی ہے تو رغر میں کیوں نہیں نظر آتی۔ تورغر کی کرپشن میں بے نقاب کروں گا۔ انہوں نے حلقہ میں سوئی گیس اور بجلی کے لئے مزید توسیعی منصوبوں کا اعلان کیا۔ اور جہاں بجلی کے ٹرانسفارمر اور کھمبوں کی ضرورت ہے۔ فراہمی کا دعدہ کیا۔ منچورہ ڈیم منصوبہ روکنے کے خلاف حکم امتناعی حاصل کرنے والے ترقی کے دشمن ہیں۔

بقیہ 44

ہوئی۔ تقریب میں علما کرام، سماجی شخصیات، صحافی برادری اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے خصوصی دعا کی۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر علامہ غلام محمد اور علامہ محمد حنیف نے اپنے خطابات میں قرآن وسنت کی روشنی میں والدین کے عظیم مقام اور ان کے حقوق پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ والدین کی خدمت، ان کی اطاعت، احترام اور ان کے ساتھ حسن سلوک اسلام کی بنیادی تعلیمات میں شامل ہے۔ مقررین نے کہا کہ والدین کی زندگی میں ان کی خدمت اور وفات کے بعد ان کے لیے دعا، ایصال ثواب اور نیک اعمال کا اہتمام اولاد کی اہم ذمہ داری ہے، جس سے نہ صرف والدین کے درجات بلند ہوتے ہیں بلکہ اولاد کو بھی اللہ تعالیٰ کی رضا اور برکتیں نصیب ہوتی ہیں۔ تقریب میں علامہ قاری حافظ ضیا الرحمن قادری، علامہ ثنا محمد چشتی سمیت دیگر علما کرام اور معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔ اختتام پر مرحومہ کے درجات کی بلندی، مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لیے خصوصی دعا کی گئی، جبکہ ملک کی سلامتی، امت مسلمہ کے اتحاد اور خوشحالی کے لیے بھی دعائیں مانگی گئیں۔ اس موقع پر صحافی مراد صنم نے جہلم کی دعائیہ تقریب میں شرکت کرنے والے تمام علما کرام، عزیز واقارب، دوست احباب، صحافی برادری اور اہل علاقہ کا دلی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی آمد، دعاؤں اور اظہار ہمدردی نے ان کے خاندان کو حوصلہ اور تسلی فراہم کی، جس پر وہ سب کے بے حد شکر گزار ہیں۔

بقیہ 45

کرائی تاہم متاثرہ شخص نے اپنے طور پر تلاش شروع کردی جس نے قریبی بستی کے رہائشی بشیر نامی شخص پر شبہ کا اظہار کیا جس پر پولیس نے بشیر کو شامل تفتیش کرلیا جس نے بتایا کہ گائے باڑی منترچھ کے رفیق کے مویشیوں کے باڑے میں موجود ہے جس پر پولیس نے چھاپہ مار کر گائے کو برآمد کرکے فریقین سے گائے کی گمشدگی کی رپورٹ لے کر معاملات ختم کردیئے جبکہ ذرائع نے اس حوالے سے لین دین کے احکامات کو اور ملزمان کو رام کرنے میں زبردست کردار ادا کرنے پر پولیس کو خراج تحسین پیش کیا ہے یاد رہے کہ پولیس نے چوری کے واقعہ کو گمشدگی میں تبدیل کرکے ضرور چوروں کو تحفظ فراہم کیا ہے

بقیہ 46

لوگوں کی جانب سے خود اپنے ساتھ ظلم کرنا ہوتا ہے کہ وہ حقائق کے منافی تھانہ جات میں اپنی رپٹ درج کراتے ہیں جو لوگ حقائق پر مبنی اور کسی بھی بات کو بڑھا چڑھا کر بیان نہیں کرتے ان کو انصاف کی فراہمی ہو کر رہتی ہے ہمارے ہاں اکثر لوگ اگر کسی کے ساتھ جھگڑا ہو جائے تو دوسرے کے خلاف رپورٹ درج کراتے ہوئے جھوٹی اور من گھڑت باتوں کو شامل کر لیتے ہیں جس کی وجہ سے ان کے ساتھ ہونے والی زیادتی کا بھی ازالہ نہیں ہوتا میں عوام الناس سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ وہ اگر کسی کے خلاف رپورٹ درج کرانے میں تو اتنی ہی بات بتائیں جو کہ حقیقت میں ہوئی ہوا اور اسی طرح ایسی رپورٹ پر دریافت اسی وجہ سے ہوتی ہے کہ حقائق کا پتہ چل سکے اسی لئے ہماری ہرممکن یہ کوشش ہوتی ہے کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے ساتھ ساتھ کسی کی جانب سے کسی کے خلاف ناکردہ جرم کا مقدمہ درج نہ ہو اس لئے ہر شخص کو یہ بات ہمیشہ یادر کھنا چاہئے کہ سچ ہمیشہ سرخرو ہوتا ہے

بقیہ 47

کے حصول کے لیے مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں ضلع کے قیام کا مقصد عوام کو انصاف، صحت، تعلیم، پولیس، ریونیو اور دیگر سرکاری خدمات تک آسان رسائی فراہم کرنا ہوتا ہے موجودہ صورتحال میں تناول کے مکینوں کو معمولی سرکاری امور کے لیے بھی ضلعی دفاتر تک طویل اور دشوار گزار سفر کرنا پڑتا ہے پہاڑی راستے، موسمی رکاوٹیں اور سفری اخراجات ان مشکلات کو مزید بڑھا دیتے ہیں ایک الگ ضلع قائم ہونے کی صورت میں ضلعی دفاتر مقامی سطح پر دستیاب ہوں گے، جس سے وقت، اخراجات اور انتظامی پیچیدگیوں میں نمایاں کمی آئے گی صوبہ کے کئی اضلاع آبادی اور رقبے کے لحاظ سے مجوزہ ضلع تناول کے برابر یا اس سے چھوٹے ہیں ضلع تورغر کا رقبہ تقریبا 497 مربع کلومیٹر اور آبادی تقریبا 1.9 لاکھ ہے، ضلع الائی کا رقبہ 1,537 مربع کلومیٹر اور آبادی تقریبا 2.9 لاکھ، ضلع اپر کوہستان کا رقبہ 4,921 مربع کلومیٹر اور آبادی تقریبا 1.3 لاکھ، جبکہ ضلع لوئر کوہستان کا رقبہ 3,546 مربع کلومیٹر اور آبادی تقریبا 2.4 لاکھ نفوس پر مشتمل ہے مجوزہ ضلع تناول، اگر اس میں اوگی کے تنولی علاقے اور متعلقہ یونین کونسلیں شامل کی جائیں، تو آبادی اور انتظامی استعداد کے لحاظ سے ایک قابل عمل ضلع بن سکتا ہے اس لیے اس مطالبے کا جائزہ معروضی حقائق اور سرکاری اعداد وشمار کی بنیاد پر لیا جانا چاہیے علاوہ ازیں مجوزہ ضلع تناول کی جغرافیائی وسعت اور منتشر آبادی کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک سے زیادہ تحصیلوں کا قیام بھی مناسب ہوگا، تاکہ دور دراز علاقوں کے رہائشیوں کو غیر ضروری سفر نہ کرنا پڑے حتمی فیصلہ تو حکومت کی فزیبلٹی رپورٹ اور انتظامی جائزے کی بنیاد پر ہی ہوگا، تاہم ایک سے زیادہ تحصیلوں کی موجودگی بہتر نظم ونسق میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے تحصیل کا قیام عام شہری کے لیے براہ راست سہولت کا باعث بنتا ہے اس سے فرد ملکیت، انتقال اراضی، رجسٹری، ڈومیسائل، ریونیو ریکارڈ، اسسٹنٹ کمشنر کے دفتر، تحصیلدار، سول انتظامیہ اور دیگر سرکاری خدمات مقامی سطح پر دستیاب ہوجاتی ہیں عوام کا وقت اور سرمایہ بچتا ہے، سرکاری امور جلد نمٹتے ہیں اور انتظامیہ سے رابطہ بھی آسان ہوجاتا ہے یہی وجہ ہے کہ ضلع کے ساتھ فعال تحصیلوں کا قیام بہتر طرز حکمرانی کا بنیادی جز سمجھا جاتا ہے جب کسی علاقے کو ضلع کا درجہ ملتا ہے تو وہاں ضلعی سطح کا ترقیاتی بجٹ، انتظامی ڈھانچہ، پولیس، عدلیہ، صحت، تعلیم اور دیگر محکموں کے لیے نئی آسامیاں اور ادارے قائم کیے جاتے ہیں اس سے نئی سڑکوں، ہسپتالوں، کالجوں، ریسکیو مراکز، سرکاری دفاتر اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے امکانات بڑھ جاتے ہیں ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی مقامی سطح پر ہونے سے وسائل کا مؤثر استعمال بھی ممکن ہوتا ہے اس کے ساتھ روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور نوجوانوں کو اپنے ہی علاقے میں بہتر امکانات میسر آئیں گے ضلع تناول کا مطالبہ کئی برسوں سے عوامی، سماجی اور سیاسی حلقوں میں زیر بحث ہے مختلف جرگوں، مشاورتی اجلاسوں اور عوامی نمائندوں نے بھی اس مطالبے کی حمایت کی ہے اس مطالبے کا بنیادی مقصد کسی دوسرے علاقے کی مخالفت نہیں بلکہ انتظامی انصاف، عوامی سہولت اور متوازن علاقائی ترقی کو یقینی بنانا ہے آئینی طور پر نئے اضلاع کے قیام کا اختیار صوبائی حکومت کے پاس ہے، حکومت کو ضلع تناول کے مطالبے کا غیر جانبدارانہ فنی اور انتظامی جائزہ لینا چاہیے اس مقصد کے لیے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دے کر مجوزہ ضلع کی حدود، آبادی، مالی وسائل، انتظامی ڈھانچے اور ترقیاتی ضروریات کا جامع مطالعہ کیا جاسکتا ہے ضلع تناول کا قیام صرف ایک انتظامی تبدیلی نہیں بلکہ ہزارہ ڈویژن میں متوازن ترقی، بہتر طرز حکمرانی اور عوامی سہولت کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہو سکتا ہے اگر حکومت آبادی، جغرافیائی وسعت، انتظامی تقاضوں اور عوامی مفاد کو بنیاد بنا کر فیصلہ کرتی ہے تو یہ اقدام علاقے کے لاکھوں شہریوں کو بنیادی سرکاری خدمات تک آسان رسائی فراہم کرنے، ترقیاتی عمل کو تیز کرنے اور ریاستی اداروں پر عوام کے اعتماد کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے

بقیہ 48

میں آہندہ آنے والے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے کئی گروپ متحرک ایک ہی جماعت میں کئی کئی امیدواروں نے پر تولنے شروع کر رکھا ہے سابق وی۔ سی چیئرمین حضرات کے کئی ایک خفیہ اور مختلف بہانوں سے اجلاس کی رپورٹس سامنے آرہی ہیں کبھی کھانے کی دعوتوں کے بہانے اور کبھی شادی بیاہ یا جنازوں کے بہانے سرگرمیاں شروع کر رکھی ہیں مسلم لیگ ن، تحریک انصاف اور آزاد گروپ کے امیدواروں کی بازگشت سنائی دی جارہی ہے کہ کون کون سے امیدواروں نے تحصیل حویلیاں کی چیئرمین شپ کے انتخابات کے لئے جوڑ توڑ شروع کر رکھا ہے۔

بقیہ 49

پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی میں رکاوٹ ڈالنے، زبانی یا جسمانی دھمکیاں دینے، یا ان پر تشدد کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ نئے بل کے مطابق کسی بھی صحافی کو زبان درازی، گالم گلوچ یا تشدد کا نشانہ بنانے پر ناقابل ضمانت مقدمہ درج کیا جائے گا۔ ذرائع (Sources) کے بارے میں معلومات لینے کے لیے دباؤ ڈالنے کو بھی جرم تصور کیا جائے گا۔ صحافی کو پیشہ ورانہ کام سے روکنے یا ڈرانے دھمکانے پر ملوث شخص یا ادارے کے خلاف قانونی کارروائی ہوگی۔ قانونی ماہرین اور صحافتی تنظیموں نے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بل صحافیوں کو مزید بااختیار اور محفوظ بنائے گا، اور آزاد صحافت کے فروغ میں مددگار ثابت ہوگا۔

بقیہ 50

اور شفافیت کی بنیاد پر کریں۔ تمام محکمے اپنی کمیونیکیشن اسٹریٹجی بنائیں اور عوام کو حکومتی اصلاحات اور منصوبوں سے مؤثر انداز میں آگاہ کریں۔ تین ماہ بعد دوبارہ کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا، دی گئی ہدایات پر عملدرآمد کی بنیاد پر سزا وجزا کا فیصلہ ہوگا۔

بقیہ 51

دھجیاں اڑا رہے ہیں، جس سے نہ صرف اپنی بلکہ دیگر شہریوں کی جانیں بھی خطرے میں پڑ رہی ہیں۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ، ٹریفک پولیس اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ون ویلنگ، غیر قانونی ریسنگ اور تیز رفتاری کے خلاف فوری کریک ڈاؤن کیا جائے، والدین کو بھی ذمہ دار ٹھہرایا جائے اور کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ قیمتی انسانی جانوں کو محفوظ بنایا جاسکے اور کسی بڑے سانحے سے پہلے اس خطرناک رجحان کا خاتمہ کیا جاسکے۔

بقیہ 52

کے متعلق آواز بلند کرنا اور لائحہ عمل طے کرنا یقیناً اہلیان تناول کے لئے نا صرف امید کی کرن ہے بلکہ کامیابی کی طرف منزل کا یقینی حصول ہے۔ انتہائی عزت واحترام کے ساتھ قیادت سے اگر وہ مناسب سمجھیں اور تناول کے وسیع تر مفاد میں بھرپور انداز سے تناول کی جداگانہ حیثیت برقرار رکھنے مستقبل کے تحفظات اور آئین کے آرٹیکل 246 کے تحت سابقہ ریاست امب کے ضم ہونے پر وہ مراعات جو دیگر ریاستوں جن کا ذکر آئین کے جزڈی میں ہے کے اس پروگرام میں قائدین اس بات اعلامیہ جاری کریں جو اس وقت مالاکنڈ ڈویژن کے تمام نمائندے پارٹیاں ان حقوق کے لئے اکھٹے ہیں یہ تحفظات تحصیل دربند کی تمام سماجی وسیاسی تنظیموں کی طرف سے ہیں۔ اب یہ معاملہ تناول کی تمام اقوام کو ایک پلیٹ فارم ایک آواز کیلئے ہے یہ مطالبہ بھی کیا جاتا ہے کہ ضلع تناول کے ساتھ علاقہ کی جداگانہ حیثیت پر قطعاً کو چھوتا نہیں کیا جائے گا اس فورم سے یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ متاثرین تربیلہ ڈیم کا تمام ریکارڈ واپڈہ اتھارٹی اصل حالت میں ہائی کورٹ میں پیش کرنے کیلئے متاثرین کے ساتھ تعاون کرے اسی تناظر میں متاثرین کی مکمل بحالی کیلئے جوڈیشل کمیشن بنایا جائے جس کی نگرانی میں ہونے والی زیادتیوں کا ازالہ کیا جائے۔ گرڈ سٹیشن ساون میرا کی تعمیر میں مقامی لوگوں کو کیا مراعات ہوں گی اور پن پالیسی کی جائے سلونا ڈیم اور نمبل کنٹھا ڈیم ہر صورت میں تعمیر کئے جائے تناول میں گرینائٹ صنعتی زون قائم کیا جائے اس مدرائلٹی کی پالیسی اور پن کی جائے یہ تمام وسائل ضلع تناول کے قیام کے لئے ضروری اور بنیادی اہمیت کے حامل ہیں۔ منجانب عوام تحصیل دربند نواب ڈاکٹر محمد ریاض' حاجی ابرار شعیب' محمد سلیم تنولی وجملہ قائدین ضلع تناول سے وابستہ مشران بالخصوص اقوام متحدہ تناول آج ضلع تناول سے متعلق اکھٹا ہونا ضلع تناول کے متعلق آواز بلند کرنا اور لائحہ عمل طے کرنا یقیناً اہلیان تناول کے لئے نا صرف امید کی کرن ہے بلکہ کامیابی کی طرف منزل کا یقینی حصول ہے۔ انتہائی عزت واحترام کے ساتھ قیادت سے اگر وہ مناسب سمجھیں اور تناول کے وسیع تر مفاد میں بھرپور انداز سے تناول کی جداگانہ حیثیت برقرار رکھنے مستقبل کے تحفظات اور آئین کے آرٹیکل 246 کے تحت سابقہ ریاست امب کے ضم ہونے پر وہ مراعات جو دیگر ریاستوں جن کا ذکر آئین کے جزڈی میں ہیاج کے اس پروگرام میں قائدین اس بات اعلامیہ جاری کریں جو اس وقت مالاکنڈ ڈویژن کے تمام نمائندے پارٹیاں ان حقوق کے لئے اکھٹے ہیں یہ تحفظات تحصیل دربند کی تمام سماجی وسیاسی تنظیموں کی طرف سے ہیں۔ اب یہ معاملہ تناول کی تمام اقوام کو ایک پلیٹ فارم ایک آواز کیلئے ہے یہ مطالبہ بھی کیا جاتا ہے کہ ضلع تناول کے ساتھ علاقہ کی جداگانہ حیثیت پر قطعاً کو چھوتا نہیں کیا جائے گا اس فورم سے یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ متاثرین تربیلہ ڈیم کا تمام ریکارڈ واپڈہ اتھارٹی اصل حالت میں ہائی کورٹ میں پیش کرنے کیلئے متاثرین کے ساتھ تعاون کرے

بقیہ 53

سرکل چھلڑہ مدثر ضیا کو ایڈوانس کورس کے لیے پ خدمات کو سراہتے ہوئے ان کے لیے کامیابی اور نیک تمناں کا اظہار کیا۔

۔۔۔۔۔۔۔۔ایبٹ آباد ممبر صوبائی اسمبلی مشتاق احمد غنی آل پاکستان کک باکسنگ ٹورنامنٹ کا افتتاح کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھوہاں کیلئے علی اصغر افتخار خان کا متعدد ترقیاتی منصوبوں کا اعلان

مجھوہاں روڈ کی تعمیر کیلئے مزید ایک کروڑ پچاس لاکھ، پانی اسکیم کیلئے ایک کروڑ اور 20 لاکھ ڈوزر ورک روڈ کیلئے دینے کا اعلان

حویلیاں (بیورو رپورٹ) مجھوہاں میں شمولیتی جلسہ، ایم این اے علی اصغر خان اور ایم پی اے افتخار احمد خان جدون کے بڑے ترقیاتی اعلانات۔ مجھوہاں میں منعقدہ شمولیتی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے ایم این اے علی اصغر خان اور ایم پی اے افتخار احمد خان جدون نے علاقے کی ترقی کے لیے مزید اہم منصوبوں کا اعلان کیا۔ ایم این اے علی اصغر خان اور ایم پی اے افتخار احمد خان جدون نے مجھوہاں روڈ کی تعمیر کے لیے مزید ایک کروڑ پچاس لاکھ روپے جبکہ پانی کی فراہمی کی اسکیم کے لیے ایک کروڑ روپے کے ترقیاتی فنڈز دینے کا اعلان کیا۔ بیس لاکھ روپے کے فنڈز سے ڈوزر ورک روڈ کا کام مکمل ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی دونوں راہنماؤں نے اپنے (بقیہ 36۔صفحہ 3)

جھوٹی اور من گھڑت رپورٹ کرنے سے گریز کیا جائے، اورنگزیب خان

حقائق کے منافی تھانہ جات میں رپورٹ درج ہونے سے انصاف کی فراہم مجروح ہو جاتی ہے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) جھوٹی اور من گھڑت رپورٹ کرنے سے گریز کیا جائے حقائق پر مبنی ایف آئی آر پر انصاف کی فراہمی ہو کر رہے گی انصاف سے محروم ہونے کی بنیادی وجہ حقائق کے منافی رٹ کرنا ہے ایس ایچ او تھانہ پھلڑہ اورنگزیب خان نے کہا ہے کہ اکثر لوگ انصاف کی فراہمی سے محروم ہوتے ہوئے کسی شخص کو الزام دیتے ہیں جبکہ ان (بقیہ 46۔صفحہ 3)

چوری شدہ گائے کی رپورٹ، پراسرار طور پر کمال کی تفتیش

پولیس نے چوری کے واقعہ کو گمشدگی میں تبدیل کر کے ضرور چوروں کو تحفظ فراہم کیا ہے

ایبٹ آباد (ڈویژنل کرائمز رپورٹر) کمال کی تفتیش چوری شدہ گائے کی رپورٹ پراسرار طور پر گمشدگی میں تبدیل ہو گئی تھانہ شیروان کی حدود شہید آباد کی داخلی میں رستم نامی شخص کی گائے چوری ہوئی جس نے تھانہ شیروان میں اطلاعی رپورٹ درج (بقیہ 45۔صفحہ 3)

صحافی مراد صنم کی والدہ مرحومہ کے چہلم کے موقع پر دعائیہ تقریب

علما کرام، سماجی شخصیات، صحافی برادری اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی

کھلابٹ (نامہ نگار) معروف صحافی مراد صنم کی والدہ مرحومہ کے چہلم کے موقع پر دعائیہ تقریب گزشتہ روز کھلابٹ ٹاؤن شپ میں عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد (بقیہ 44۔صفحہ 3)

ماںسہرہ، مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما لیپٹن (ر) صفدر اعوان صحافی شیخ نذیر اور محمد نعیم کے ہمراہ

شیخ نثار احمد کو تیسری مرتبہ بلا مقابلہ کامیابی پر مبارکباد

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) چیف آرگنائزر پاکستان امن کونسل برائے انسانی حقوق و بین المذاہب ہم آہنگی ضلع ایبٹ آباد انور دادتی نے آل ٹریڈرز فیڈریشن ایبٹ آباد کے مرکزی گروپ تاجر اتحاد کے چیئرمین شیخ نثار احمد کو تیسری مرتبہ بلا مقابلہ کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے (بقیہ 37۔صفحہ 3)

صوبہ بھر میں قائم BHU اپنی افادیت کے اعتبار سے ناکام نظر آتی ہیں

ماہانہ اربوں روپے اخراجات، بھائی تنخواہیں پھر بھی سہولیات فراہمی میں ناکام ہیں

ایبٹ آباد (نامہ نگار) صوبہ بھر میں قائم BHU اپنی افادیت کے اعتبار سے شہریوں کو مطلوبہ صحت کی سہولتیں دینے میں ناکام نظر آتی ہیں جبکہ صوبائی کے خزانے سے ماہانہ اربوں روپے کے اخراجات جو تنخواؤں اور دیگر لوازمات پر خرچ ہو رہے ہیں اپنی (بقیہ 31۔صفحہ 3)

الخدمت فانڈیشن ہزارہ کے زیر اہتمام ''مون سون پر پیئر ڈنس ٹریننگ''

رضا کاروں کو جدید ڈیزاسٹر مینجمنٹ اور واٹر ریسکیو کی عملی تربیت فراہم کی گئی

ایبٹ آباد (شمال نیوز) الخدمت فانڈیشن ہزارہ کے زیر اہتمام تین روزہ ''مون سون پر پیئر ڈنس ٹریننگ'' کا انعقاد، رضا کاروں کو جدید ڈیزاسٹر مینجمنٹ اور واٹر ریسکیو کی (بقیہ 32۔صفحہ 3)

تحریک منہاج القرآن ضلع ہری پور کے زیر اہتمام کامیاب کانفرنس

فکر امام حسین علیہ السلام کی بارہ کانفرنسز میں سے پہلی کامیاب کانفرنس کا انعقاد کیا گیا

کھلابٹ (نامہ نگار) تحریک منہاج القرآن ضلع ہری پور کے زیر اہتمام فکر امام حسین علیہ السلام کی بارہ کانفرنسز میں سے پہلی کامیاب کانفرنس گزشتہ روز منہاج (بقیہ 33۔صفحہ 3)

ہری پور، منہاج القرآن اسلامک سنٹر تر ناوہ میں فکر امام حسین کانفرنس سے پروفیسر علامہ رانا محمد ادریس مرکزی ناظم تربیت خطاب کر رہے ہیں

سنگین سلطان خان کا نڑ بیڑ میں خوشی محمد کی رہائش گاہ کا دورہ

مسائل، عوامی فلاح و بہبود اور سماجی ہم آہنگی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

ماںسہرہ (نیوز رپورٹر) نڑ بیڑ میں معروف سیاسی و سماجی شخصیت بیرسٹر سنگین سلطان خان نے نڑ بیڑ میں خوشی محمد کی رہائش گاہ کا دورہ کیا، جہاں ان کے اعزاز میں پر تکلف ضیافت کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر فیاض محبوب خان، حاجی محمد جاوید، حاجی محمد ریاض، نادر خان اعوان، بابر مجید، سہیل ریاض، خرم اور دیگر معزز شخصیات بھی بیرسٹر سنگین سلطان خان کے ہمراہ موجود تھیں۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے مختلف امور، علاقائی مسائل، عوامی فلاح و بہبود اور سماجی ہم آہنگی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکا نے باہمی اتحاد، بھائی چارے اور (بقیہ 34۔صفحہ 3)

مسلم لیگ ن نے اپنے دور اقتدار میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبے مکمل کئے

عوامی خدمت کو ہمیشہ اولین ترجیح دی، کیپٹن صفدر کی میڈیا نمائندوں سے گفتگو

ماںسہرہ (ڈسٹرکٹ نامہ نگار / تحصیل جنرل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر راہنماء کیپٹن (ر) صفدر اعوان نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے اپنے ہر دور اقتدار میں ملک بھر میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبے مکمل کیے اور عوامی خدمت کو ہمیشہ اولین ترجیح دی۔ میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ماںسہرہ کا سب سے بڑا ترقیاتی منصوبہ تقریباً 22 ارب روپے کی لاگت سے تکمیل کے مراحل میں ہے جو ضلع کی ترقی، روزگار کے مواقع اور عوام کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ منصوبہ ماںسہرہ کے عوام کے لیے ایک تاریخی تحفہ ہے اور اس کی تکمیل سے (بقیہ 35۔صفحہ 3)

ضلع تناول کا قیام انتظامی ضرورت، عوامی مطالبہ اور آئینی جواز

تناول کی جغرافیائی وسعت، آبادی اور عوامی ضروریات کے باوجود اسے الگ ضلع نہیں بنایا گیا جس سے مسائل بڑھے

تناول (خصوصی رپورٹ / خالد قریشی / نامہ نگار خصوصی) گزشتہ دو دہائیوں کے دوران صوبے میں متعدد نئے اضلاع قائم کیے گئے ہیں جن میں ضلع تورغر، الائی، اپر کوہستان، لوئر کوہستان اور کوئی پالس نمایاں ہیں ان اضلاع کے قیام کا بنیادی مقصد دور افتادہ علاقوں کے عوام کو سرکاری خدمات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا، انتظامی بوجھ کو کم کرنا اور متوازن علاقائی ترقی کو یقینی بنانا تھا انہی اصولوں کی روشنی میں ہزارہ ڈویژن کے تاریخی خطہ تناول کو ضلع بنانے کا مطالبہ بھی مسلسل زور پکڑ رہا ہے، انتظامی تقسیم میں کئی تبدیلیاں آئیں، لیکن تناول کی جغرافیائی وسعت، آبادی اور عوامی ضروریات کے باوجود اسے الگ ضلع نہیں بنایا گیا، جس کے باعث شہری آج بھی بنیادی سرکاری خدمات (بقیہ 47۔صفحہ 3)

مدثر ضیا کی ایڈوانس کورس پر روانگی کے موقع پر الوداعی تقریب

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ مدثر ضیا کی ایڈوانس کورس پر روانگی کے موقع پر سادہ مگر پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ایس ایچ او تھانہ پھلڑہ اورنگزیب خان ایڈیشنل ایس ایچ او بشارت خان محرر سید اعتزاز شاہ مدد محرر سید فہد شاہ ریڈر ڈی ایس پی آفتاب تنولی محمد صدام ڈرائیونگ لائسنس برانچ اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران ڈی ایس پی (بقیہ 53۔صفحہ 3)

بلدیاتی متوقع امیدواروں نے اپنے اپنے رابطہ مہم کا آغاز کر دیا

کئی گروپ متحرک ایک ہی جماعت میں کئی کئی امیدواروں نے پر تولنے شروع کر رکھا ہے

حویلیاں (شمال نیوز) بلدیاتی نظام کے اختتام کے ساتھ ہی تحصیل حویلیاں میں متوقع امیدواروں نے اپنے اپنے رابطہ مہم کا آغاز کر دیا گلی محلوں دیہات (بقیہ 48۔صفحہ 3)

صحافی کو دھمکی دینا یا تشدد کرنا اب ناقابلِ ضمانت جرم قرار

بل منظور، ڈرانے دھمکانے پر ملوث شخص یا ادارے کے خلاف قانونی کارروائی ہوگی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) صحافی کو دھمکی دینا یا تشدد کرنا اب ناقابل ضمانت جرم قرار، جرنلسٹ پروٹیکشن بل منظور۔ پارلیمنٹ نے صحافیوں کے تحفظ کے لیے ایک اہم قانون، "جرنلسٹ پروٹیکشن بل "منظور کر لیا ہے، جس کے تحت صحافیوں کو ان کے (بقیہ 49۔صفحہ 3)

۔۔۔۔۔۔۔۔کھلابٹ، نشاندہی کے بعد ایم پی اے ملک عدیل اقبال کی ہدایات پر سڑک کنارے لگے پودوں کو پانی دیا جا رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

صوبائی حکومتی پالیسی جاری، وزراء کو عوام میں جانے/مسائل حل کرنے کا حکم

صوبائی وزراء ضلعی دوروں کا باقاعدہ شیڈول مرتب کریں، تمام وزراء ہر ماہ کم از کم سات اضلاع کے دورے کریں

تناول (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ نے نئے مالی سال کے لیے حکومتی پالیسی واضح کر دی۔ تمام وزراء ہر ماہ کم از کم سات اضلاع کے دورے کریں، عوام میں جائیں اور مسائل کے فوری حل کو یقینی بنائیں۔ وزرا ضلعی دوروں کا باقاعدہ شیڈول مرتب کریں، ہر محکمہ اپنا کمپلیٹ سیل قائم کرکے وزیر اعلیٰ کمپلیٹ سیل سے منسلک کرے۔ تمام محکمے رواں مالی سال میں ڈی ایف سی اسکیموں کی تکمیل یقینی بنائیں، نئی ترقیاتی اسکیموں کے لیے واضح ٹائم لائنز مرتب کریں۔ وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ سے کسی معاملے پر رابطہ کیا جائے تو 24 گھنٹوں کے اندر نتیجہ چاہیے۔ تمام وزرا، مشیران اور محکموں کے انتظامی سیکرٹریز باہمی رابطہ مضبوط بنائیں اور تمام فیصلے مشاورت، میرٹ (بقیہ 50۔صفحہ 3)

شنکیاری میں تیز رفتار موٹر سائیکل ریسنگ اور ون ویلنگ کا جنون

انتہائی تیز رفتاری، خطرناک ریسنگ اور ون ویلنگ کا سلسلہ جاری ہے، ٹریفک پولیس خاموش

شنکیاری (بیورو چیف) شنکیاری میں تیز رفتار موٹر سائیکل ریسنگ اور ون ویلنگ کا جنون، ٹریفک پولیس خاموش۔ شنکیاری اور گردونواح میں نوجوانوں کی جانب سے شام کے اوقات میں دو، تین یا اس سے زائد گروپوں کی صورت میں مختلف شاہراہوں پر انتہائی تیز رفتاری، خطرناک ریسنگ اور ون ویلنگ کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث آئے روز حادثات رونما ہو رہے ہیں اور شہری شدید خوف و ہراس کا شکار ہیں۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ ٹریفک پولیس کی خاموشی اور مؤثر کارروائی نہ ہونے کے باعث کم عمر موٹر سائیکل سوار قانون کی (بقیہ 51۔صفحہ 3)

پلاسٹک کے بنے ہوئے کھلونہ نما اسلحہ پر پابندی عائد کی جائے، مطالبہ

ہری پور (ڈپٹی بیورو) پلاسٹک کے بنے ہوئے کھلونہ پسٹل اور دیگر اسلحہ رائفل، جدید اسلحہ کی خرید و فروخت پر پابندی عائد کی جائے، تفصیلات کے مطابق ہری پور کے مختلف علاقوں میں شہروں اور دیہاتوں میں دوکانوں کے اوپر پلاسٹک کے بنے ہوئے کھلونہ پسٹل وگیر پلاسٹک کے بنا ہوا جدید اسلحہ کی فروخت کا سلسلہ جاری ہے جس میں استعمال ہونے والے چھروں کی وجہ سے کتنے ہی بچوں کی آنکھیں چہرے لگنے سے زخمی ہو چکی ہیں عوامی حلقوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ محلے کی دوکانوں پر اس کھلونہ پسٹل کی فروخت پر پابندی لگائی جائے۔

لائحہ عمل طے کرنا جلد ہی ضلع تناول کے قیام کی نوید ہے

یہ تمام وسائل ضلع تناول کے قیام کے لئے ضروری اور بنیادی اہمیت کے حامل ہیں

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ضلع تناول کے لیئے آواز بلند کرنا اور فیصلہ کن لائحہ عمل طے کرنا جلد ہی ضلع تناول کے قیام کی نوید ہے چیف آف تنول نوابڈا کٹر محمد ریاض، حاجی ابرار، شعیب، محمد سلیم تنولی، محمد سعید پھلڑہ میرا پروفیسر عبد الرزاق عادل پروفیسر تاج محمد تنولی و جملہ قائدین قومی تحریک ضلع تنول اور متحدہ قومی تحریک ضلع تناول کے ممبران ضلع تناول سے وابستہ مشران بالخصوص اقوام تناول کا گزشتہ روز ضلع تناول سے متعلق اکٹھا ہونا ضلع تناول (بقیہ 52۔صفحہ 3)

تورغر میں ہونیوالی کرپشن کو جلد بے نقاب کرونگا، کیپٹن صفدر

بعض افراد کو مانسہرہ کی کرپشن تو نظر آ رہی ہے لیکن تورغر میں ہونیوالی بے ضابطگیوں میں خاموشی حیران کن ہے، لیگی راہنماء

اوگی (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی راہنماء کیپٹن محمد صفدر نے کہا ہے کہ بعض افراد کو صرف مانسہرہ میں کرپشن نظر آتی ہے جبکہ تورغر میں ہونے والی بے ضابطگیاں نظر نہیں آتیں۔ انہوں نے کہا کہ احتساب سب کے لیے یکساں ہونا چاہیے اور کسی بھی ضلع یا ادارے کے ساتھ امتیازی سلوک نہیں ہونا چاہیے اوگی میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیپٹن (ر) محمد صفدر (بقیہ 43۔صفحہ 3)

نجی تعلیمی اداروں میں دینی تعلیم پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے

سرکاری سکولوں کے مقابلے میں نجی تعلیمی اداروں میں تعلیم کا معیار بہتر ہے، عامر شہزاد

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر / ڈسٹرکٹ نامہ نگار) نجی تعلیمی اداروں میں دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے جبکہ سرکاری سکولوں کے مقابلے میں نجی تعلیمی اداروں میں تعلیم کا معیار بہتر ہے۔ ان خیالات کا اظہار روسٹ ایجوکیشن کے ایم ڈی ڈاکٹر عامر شہزاد نے تعلیمی اصلاحات کے حوالے سے میڈیا نمائندوں سے گفتگو (بقیہ 42۔صفحہ 3)

بیج اور فصل سٹور کرنے کا انتظام روزگار کے مواقع پیدا کرے گا

علاقہ کے کاشتکاروں سے ملاقات کے بعد ایڈووکیٹ صلاح الدین خان کی شمال سے گفتگو

بجنہ (نامہ نگار) علاقہ کے کاشتکاروں کیلئے بیج اور فصل سٹور کرنے کا انتظام روزگار کے مواقع پیدا کرے گا۔ یہ بات بجنہ اور مضافات کے کاشت کاروں کے ایک وفد نے علاقہ کے بڑے زمیندار ایڈووکیٹ صلاح الدین خان سے ملاقات کے بعد ''شمال'' سے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بجنہ اور دیگر ملحقہ علاقہ میں نوجوانوں کے روزگار کے لیئے شعبہ زراعت میں وسیع مواقع موجود ہیں۔ علاقہ کی زرخیز زمین، بہترین نہری نظام، مناسب (بقیہ 41۔صفحہ 3)

۔۔۔کھلابٹ، صحافی مراد صنم کی والدہ کے چہلم کے موقع پر علامہ غلام محمد خطاب کر رہے ہیں۔۔۔

چاندنی چوک جامعہ مسجد میں محفل ذکر اہل بیت کا انعقاد

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی

کھلابٹ (نامہ نگار) کھلابٹ سیٹلرون، چاندنی چوک جامعہ مسجد میں منہاج القرآن اور مصطفوی اسٹوڈنٹس موومنٹ (ایم ایس ایم) کے زیر اہتمام سالانہ روایات کے تسلسل میں ایک پروقار اور روح پرور محفل ذکر اہل بیت کا انعقاد کیا گیا۔ محفل میں اہل علاقہ سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے علامہ رانا ادریس نے اہل بیت اطہار کی عظمت، سیرت اور اسوہ حسنہ پر مدلل اور محبت بھرے انداز میں روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ ذکر امام حسین کے ساتھ فکر حسین کو اپنانا بھی وقت کی اہم ضرورت (بقیہ 40۔صفحہ 3)

ڈاکٹر نصیر خان جدون مرحوم کی اہلیہ انتقال کر گئیں

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) سابق وائس چانسلر بہاالدین زکریا یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر نصیر خان جدون مرحوم کی اہلیہ، وائس چانسلر ایبٹ آباد یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پروفیسر ڈاکٹر طاہر عرفان خان اور ڈاکٹر شفیق جدون کی چچی انتقال کر گئی ہیں۔ (بقیہ 38۔صفحہ 3)

قلندر آباد چلنے والی سوزوکیوں نے کرایہ میں کمی سے انکار کر دیا

ڈھوڈیال (خبرنگار) مانسہرہ سے قلندر آباد چلنے والی سوزوکیوں نے کرایہ میں کمی سے انکار کر دیا ٹریفک پولیس نے کبوتر کی طرح اپنی آنکھیں بند کر لیں انسپکٹر ٹریفک اور ڈی پی او ان کے خلاف فوری کارروائی کریں عوامی حلقوں نے کہا کہ پٹرول کی قیمتوں میں چار مرتبہ کمی ہوئی ہے اس کے باوجود انہو (بقیہ 39۔صفحہ 3)

۔۔۔۔۔۔ماںسہرہ، پاکستان رائٹس موومنٹ کے چیئرمین وسابق سینیٹر مشتاق احمد، ڈویژنل کوارڈینیٹر ملک امان، سید مصدق شاہ، میاں الفت دفتر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔

PIPS School System®
25 YEARS OF EXCELLENCE
SALHAD CAMPUS
Coming Soon
P.G to Grade 3
• Oxford Syllabus Design
• Activity & Project based Curriculum
• Affordable Quality Education
Upper Salhad Near Makki Jamia Masjid Abbottabad.
0320 5501512
PIPS School System-Head Office, Islamabad
03-111-167167/ 03-111-168-168
www.pipsschoolsystem.edu.pk

Shahzel
PURE AS CRYSTAL, FRESH AS NATURE
PURIFICATION STEP 7 GUARANTEED
Shahzel Pure Drinking Water 19 Litre
Shamal
Crystals Foods & Beverages Pakistan
0343-0955220
0300-9118999
Plot 6-A Small Industrial Estate Mandian Abbottabad